مقائسۂ ارمغانِ حجاز، فارسی

بیاض اور مطبوعہ نسخوں کا تقابلی مطالعہ



ڈاکٹر بصیرہ عنبرین

مقائسۂ ارمغانِ حجاز، فارسی

(بیاض اور مطبوعہ نسخوں کا تقابلی مطالعہ)

ڈاکٹر بصیرہ عنبرین

دارالنوادر

الحمد مارکیٹ سیکنڈ فلور اردو بازار لاہور:۸۸۹۸۶۳۹ ۰۳۰۰

نام کتاب: مقالہ "ارمغان حجاز، فارسی"

مصنفہ: ڈاکٹر بصیرہ عنبرین

ناشر: دار النوادر

بار اول ۲۰۰۷ء

بار دوم ۲۰۱۹ء

مطبع: عمیر عثمان، شفیق پریس، لاہور

والدہ محترمہ کی علم دوستی
کے نام

ترتیب

تعارف

تدوین اور مقابلۂ متن، تحقیق کے دو اہم شعبے ہیں، جو بہت حد تک باہم مربوط بھی ہیں، اور ایک دوسرے سے مشروط بھی۔ قدیم زمانے میں اختلاف نسخ ایک قدرتی امر تھا، کیونکہ تمام تصانیف دست نویس ہوتی تھیں۔ متونِ کتب میں ایسا اختلاف جو نسخہ نویس (کاتب) کی غلطی کا نتیجہ ہو، تصحیف کہلاتا تھا۔ اسلامی مشرقی علوم میں یہ ایک اہم اصطلاح ہے، جس کے ذریعے کسی خاص متن میں کاتب کی ارادی یا غیر ارادی غلطی کی نشاندہی کی جاتی تھی اور کتاب کے ایک سے زیادہ نسخوں کے متن کا موازنہ اور اختلافی صورتوں کی نشاندہی اس کا طریقہ کار تھا۔ خطیب بغدادی نے کفایہ میں تصحیف کا وجود تسلیم کیا ہے۔ طباعت اور اشاعت کے اس ترقی یافتہ دور میں بھی ایک ہی کتاب کی مختلف طباعتوں میں اختلافِ متن کا وقوع ایک عام سی بات ہے۔ اہلِ تحقیق مقابلہ (موازنہ یا مقابلۂ) متن کو بہت اہمیت دیتے ہیں، اس لیے کہ کسی کتاب کے صحیح متن تک رسائی بعض اوقات محقق اور نقاد دونوں کے لیے اہم ہو جاتی ہے۔

حضرت علامہ اقبال کی شعری اور نثری تصنیفات کو ہمارے ادب میں جو اہمیت حاصل ہے، وہ محتاجِ بیان نہیں۔ ان کے کلام کو آج بھی لاکھوں انسانوں نے حرزِ جاں بنا رکھا ہے۔ نصابی اور تخلیقی اداروں اور عمومی تحقیق و تنقید کے اقبالیاتی شعبوں کی تمام سرگرمی کا انحصار تصانیفِ اقبال کے گراں قدر متون کے مطالعے پر ہے۔ ارمغانِ حجاز اور باقیاتِ اقبال کے استثنا کے ساتھ علامہ اقبال کی تمام تر تصانیف ان کے حینِ حیات شائع ہوئیں، اس لیے ان کے متون کو مصنف کی طرف سے استناد کا درجہ حاصل ہے۔ لیکن ارمغانِ حجاز جو ان کی آخری شعری تصنیف ہے اور ان کی وفات کے کئی ماہ بعد شائع ہوئی، صحتِ متن کے سلسلے میں اقبالیات کے طالب علموں کو بعض مشکلات سے دوچار کرتی ہے۔ یہ معلوم حقیقت ہے کہ ارمغانِ حجاز کی تدوین علامہ اقبال کے

دست راست چودھری محمد حسین کے ہاتھوں ہوئی۔ خوش قسمتی سے ارمغانِ حجاز کی بیاض (علامہ اقبال کی اپنی دست نویس) محفوظ ہے اور ارمغانِ حجاز کی اولیں طباعت اور مذکورہ بیاض میں ایک سے زیادہ مقامات پر اختلافِ متن موجود ہے۔ اسی طرح اولیں مطبوعہ نسخے اور بعد کی مختلف طباعتوں میں بھی یہی صورت حال ہے! اس اختلافِ متن کی وجوہات کیا ہیں؟ اس پر غور کرنے سے پہلے اہم کام یہ تھا کہ اختلافِ متن کی تمام صورتوں کو سامنے لایا جائے۔ اس کے لیے ضروری تھا کہ بیاضِ اقبال کے ساتھ ساتھ ارمغان حجاز کی تمام اہم طباعتوں تک رسائی حاصل کی جائے۔ کام مشکل تھا، لیکن بقولِ اقبال: ہمت کے شناور کو بھنور بھی ہے کنارا۔ یونیورسٹی اورینٹل کالج شعبۂ اردو کی جواں سال محقق اور ممتاز استاد محترمہ بصیرہ عنبرین کی علمی اولوالعزمی اور تحقیق کی لگن نے اس مشکل کام کو آسان کر دکھایا۔ ان کا یہ تحقیقی کام جس میں انھوں نے ارمغانِ حجاز کی اولیں طباعت کو اصل مان کر اس کا موازنہ بیاضِ اقبال اور کتاب کی دوسری طباعتوں کے ساتھ کیا ہے، ان کے ایم۔ اے فارسی کا تھیسس ہے، جس کا اصل عنوان ہے "مقائسۂ ارمغان حجاز (چاپی) با دستنویس آں۔" ایم۔ اے اردو کی طرح ایم۔ اے فارسی بھی انھوں نے امتیازِ خصوصی کے ساتھ پاس کیا۔ اس سے قبل وہ ایم۔ اے اردو کے لیے "اقبال کی تضمینات" پر ایک قابلِ قدر مقالہ لکھ چکی تھیں، موجودہ کام ان کے تحقیقی کاموں میں بے حد اہمیت کا حامل ہے۔

اس سلسلے میں اہم ترین بات یہ ہے کہ فارسی کی وہ رباعیات جو ارمغانِ حجاز کا حصہ نہ بنیں، یا نہ بن پائیں، ان کی تدوین بھی ان کے ہاتھوں انجام پا گئی ہے، جو میرے خیال میں بہت اہم کام ہے، اور صرف اسی کام کی تکمیل پر ہی انھیں ہدیۂ تبریک پیش کیا جا سکتا ہے، اس لیے کہ اقبال کی وہ رباعیات یا دوبیتیاں جن کے وجود و عدم کے بارے میں آج تک کوئی تذکرہ کہیں نہیں ہوا تھا، پہلی بار اقبالیات کے طالب علموں اور نقادوں کے سامنے آ رہی ہیں، ان دوبیتیوں میں بعض ایسی خوبصورت اور دلآویز دوبیتیاں بھی ہیں جن کو پڑھ کر خیال آتا ہے کہ کاش یہ بھی ارمغان کا حصہ ہوتیں۔ بہر حال ان کی دریافت ہی ایک بڑا کام ہے۔

ڈاکٹر بصیرہ عنبرین جو اردو اور فارسی زبان و ادبیات پر ماہرانہ دسترس کا ثبوت دے چکی ہیں۔ عصر حاضر کی علمی دنیا میں روشن مستقبل کی حامل دکھائی دیتی ہیں، ان کی متانت، محنت کی خو، اور موضوع سے لگن ـــــ اور ان سب سے بڑھ کر ایک خالصتاً علمی اور تحقیقی اپروچ، انھیں ان کے

اقران و معاصرین میں ممتاز کرتی ہے۔ ان کا موجودہ کام اقبالیات کے تحقیقی شعبے میں ایک اہم اور مستقل اضافے کی حیثیت رکھتا ہے، اور یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ علمی دنیا اسی حیثیت سے اس کی پذیرائی کرے گی۔

اس کتاب کی ایک قابلِ ذکر خصوصیت وہ چار مقالات ہیں جو کتاب کے آغاز و انجام میں شامل کیے گئے ہیں، یوں تو یہ "چہار مقالہ" بذاتِ خود بھی ایک داخلی وحدت کا حامل ہے، لیکن مقالات کی اہمیت یوں بھی ہے کہ ان کا تعلق اصل کتاب کے موضوع کے ساتھ ساتھ پس منظری مباحث سے بھی ہے، ان میں دو مقالے بطور خاص رباعی اور دوبیتی کی بحث سے تعلق رکھتے ہیں، اُردو نقد و تحقیق کی دنیا میں اس بحث کا آغاز ارمغانِ حجاز کی اشاعت سے ہوا، اقبال سے قبل صرف بابا طاہر عریاں کی دوبیتیاں تھیں جن کو رباعیات کہا گیا تھا۔ رباعی اور دوبیتی میں قدرِ مشترک چار مصرعوں پر مشتمل ہونا ہے، اور اس میں بھی شک نہیں کہ اقبال کو بابا طاہر عریاں کی دوبیتیوں کی بحر اتنی پسند آئی کہ انھوں نے قطعات کے لیے اسی کو اختیار کر لیا، اور غالباً بابا طاہر عریاں ہی کے تتبع میں انھیں رباعیات کا عنوان بھی دیا، زیرِ نظر کتاب کی فاضل مصنفہ نے اس موضوع پر دو اہم اور گرانقدر مقالات سپردِ قلم کیے ہیں، یعنی: "اقبال کی دوبیتی۔ ایک تحقیقی مطالعہ" اور "رباعی، دوبیتی اور بابا طاہر کی شاعری"۔

ہر دو مقالات کا بنیادی موضوع رباعی اور دوبیتی کے اوزان کی بحث ہے، جس میں بعض بے حد بیش قیمت نکات سامنے آ گئے ہیں، شاید ایک اہم پہلو ان مقالات کا یہ بھی ہے کہ ان کی بدولت ایران کے چوٹی کے نقادوں اور علمائے بلاغت کے خیالات سامنے آ گئے ہیں، مصنفہ نے شمس الدین فقیر کے خیالات کو بھی پیشِ نظر رکھا ہے، اور اردو کے اہم ترین نقادوں اور محققین کی آرا کو بھی جن میں اہم ترین نام علامہ نجم الغنی رامپوری (بحر الفصاحت) علامہ سید سلیمان ندوی (خیام) اور علامہ محمود شیرانی (تنقید شعر العجم) ہیں، حدائق البلاغہ (شمس الدین فقیر) کا اصل فارسی متن بھی مصنفہ کے سامنے رہا ہے ___ اور اس کا اردو ترجمہ بھی! غرض رباعی اور دوبیتی کے حوالے سے بیشتر اہم مباحث بصیرہ صاحبہ نے ان دو مقالوں میں اپنے تنقیدی تبصروں کے ساتھ پیش کر دیے ہیں، ان مباحث کو غیر معمولی 'بصیرت' کے ساتھ سمیٹا گیا ہے، جس پر مصنفہ بجا طور پر مبارک باد کی مستحق ہیں۔ دوسرے دو مقالے "باقیاتِ ارمغانِ حجاز (فارسی)" اور

"ترمیمات ارمغانِ حجاز (فارسی)" ہیں، یہ مقالات بھی کسی طرح کم اہم نہیں، بالخصوص "باقیات ارمغانِ حجاز" کو ان کا خاص تحقیقی کارنامہ قرار دیا جانا چاہیے۔ ان مقالات میں محترمہ بصیرہ عنبرین نے (اصل کتاب کی طرح) جس متانتِ فکر اور تحقیقی لگن کا مظاہرہ کیا ہے، وہ یقیناً قابلِ داد ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اپنے بیش قیمت "چہار مقالہ" کے ساتھ یہ تصنیف لطیف تحقیق و تنقید کی دنیا میں ایک نیا معیار قائم کرے گی۔

ڈاکٹر اسلم انصاری

پیش لفظ

فکرِ اقبال کی تفہیم اور ترویج کے لیے کلامِ اقبال کی ترتیب و تدوین سب سے بنیادی کام ہے ـــــ اسی خیال کے پیشِ نظر میں نے ایم۔اے، فارسی کے مقالے کے لیے "مقابلہ ارمغان حجاز (چاپی) با دست نویس آن" کا موضوع منتخب کیا۔ فارسی زبان میں لکھا گیا یہ مقالہ اپنی اولین حیثیت میں تدوینی صورت رکھتا ہے اور علامہ اقبال کے آخری مجموعہ کلام ارمغانِ حجاز کی بیاض اور اس کی تین اہم اشاعتوں یعنی ارمغانِ حجاز مطبوعہ شیخ اشرف پرنٹرز، شیخ غلام علی اینڈ سنز اور اقبال اکادمی پاکستان کے باہمی موازنے و مقائسے پر مبنی تھا جس میں پہلے نسخے مطبوعہ ۱۸ نومبر ۱۹۳۸ء کے متن کو بطور بنیادی متن کے اختیار کیا گیا تھا ـــــ بعد ازاں میں نے اس مقالے کو کتابی شکل میں پیش کرتے ہوئے چند تحقیقی و تنقیدی مضامین کا اضافہ کیا اور اس مفصل تقابلی مطالعے کے آغاز میں بالترتیب دو تحقیقی مضامین "رباعی، دوبیتی اور بابا طاہر کی شاعری" اور "اقبال کی دوبیتی ـــــ ایک تحقیقی مطالعہ" پس منظری مطالعے کے طور پر رقم کیے۔ اسی طرح آخر میں اس تحقیق کی روشنی میں دو مضامین "ترمیماتِ ارمغانِ حجاز، فارسی" اور "باقیاتِ ارمغانِ حجاز، فارسی" شامل کیے تا کہ یہ مطالعہ ایسا مکمل اور مربوط انداز اختیار کر سکے کہ بیک وقت تدوین، تنقید اور تحقیق کی ایک امتزاجی صورت نظر آئے۔ توقع ہے کہ اقبالیاتی اور تحقیقی حلقوں میں میری اس کاوش کو پذیرائی ملے گی۔

جیسا کہ ذکر ہوا کہ اس کتاب کے بعض اجزا میرے ایم۔اے (فارسی) کے تحقیقی مقالے کی صورت میں تحریر ہوئے جو شعبہ فارسی پنجاب یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور کے استاد جناب ڈاکٹر معین نظامی کی نگرانی میں مکمل ہوا۔ میں اس رہنمائی کے لیے ڈاکٹر صاحب کی شکر گزار ہوں۔ استاد الاساتذہ محترم ڈاکٹر وحید قریشی صاحب اور معروف دانشور ڈاکٹر اسلم انصاری کی بھی ممنون

ہوں، جن کی قیمتی آرا نے اس کتاب کو معنویت عطا کی ہے۔ استاد گرامی ڈاکٹر تحسین فراقی صاحب نے مطالعۂ متن کے ضمن میں بعض مشکل مقامات پر رہنمائی فرمائی، جس کے لیے میں ان کی شکرگزار ہوں۔ نیز جناب ڈاکٹر محمد سلیم مظہر صاحب (ڈین کلیہ علوم شرقیہ) کی بھی ممنون ہوں جن کے زمانۂ صدارت (شعبہ فارسی) میں مجھے یہ مقالہ تحریر کرنے کا موقع ملا۔

اس موقع پر مجھے استاد گرامی نوازش علی مرحوم بہت یاد آ رہے ہیں جنھوں نے مجھے زبانِ فارسی کی طرف متوجہ کیا، میرے ذوق کی آبیاری کی اور اپنی سحر انگیز شخصیت کے توسط سے زندگی کے کئی روشن اور مثبت پہلوؤں سے آشنا کرایا۔ وہ ایک کامیاب استاد تھے اور اس کا ثبوت ان کے وہ لاتعداد باذوق شاگرد ہیں جن کے دلوں میں زبانِ فارسی کے لیے کشش ہے۔ نوازش صاحب خوش گفتار، خوش فکر، اور خوش معاملہ انسان تھے۔ ان کے ہونٹوں پر ہمیشہ تبسم رقصاں رہتا اور زبان سے ہر کسی کے لیے کلماتِ خیر ہی نکلتے۔ میرے لیے یہ امر باعثِ افتخار ہے کہ مجھے ایک ایسے استاد کی شاگردی کا شرف حاصل ہوا جو فارسی زبان کے حقیقی خادم تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو بلند درجات عطا فرمائے!

یہاں محترمہ عقیلہ سعید صاحبہ کا تذکرہ بھی ضروری ہے کہ جنھوں نے مجھے زمانۂ طالب علمی میں فنِ عروض سے متعارف کرایا، جس کے باعث میں تدوینِ شعر پر مبنی یہ کام انجام دے پائی۔

پروفیسر ڈاکٹر بصیرہ عنبرین

ا۔ رُباعی، دوبیتی اور باباطاہر کی شاعری

لفظ 'رباعی' عربی مادے 'ربع' سے نکلا ہے اور اس میں 'ی' نسبتی ہے۔(۱) لغوی اعتبار سے اسے چار سے مرکب، چار اجزا والا (۲)، چار چار (۳)، چار والے (۴)، چہار پارہ، چہار بر، چہار واتی (۵)، چہارگانی (۶)، چہارگان، ہر چیزی کہ چہار جزء داشتہ باشد (۷)، آنچہ کہ از چہار جزو تشکیل شدہ، چہار تایی (۸)، منسوب بہ رباع مرادف اربعہ، اربعہ بہ معنی چہارتایی یا چہارگانی (۹) کے معنوں میں مستعار لیا جاتا ہے۔

اصطلاحاً رباعی ایک مختصر صنف شعر ہے جو دراصل مخصوص بحر کے "چوبیس اوزان میں سے کسی ایک یا زیادہ (تا چہار) وزن میں کہی ہوئی چار مصرعوں والی نظم (ہوتی ہے) جس کے پہلے، دوسرے اور چوتھے مصرعے میں قافیہ ہو (تیسرے میں ہو یا نہ ہو)" (۱۰) اور "چونکہ یہ چار مصرعوں سے مرکب ہوتی ہے، اس لیے اس کو رباعی کہتے ہیں...... گویا (یہ) چار مصرعوں کی مختصر نظم ہوتی ہے مگر اس کوزے میں سمندر بند ہوتا ہے، بڑے سے بڑا فلسفیانہ خیال، دقیق سے دقیق اخلاقی نکتہ اور پیچیدہ سے پیچیدہ صوفیانہ مسئلہ جو صفحوں اور دفتروں میں نہیں سماتا، ان دو سطروں میں پورا کا پورا ادا ہو جاتا ہے۔" (۱۱) یہ صنف سخن مردّف اور غیر مردّف ہو سکتی ہے۔ "تسلسل بیان اور خیال کے تدریجی ارتقا کے خوبصورت اظہار کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ رُباعی کے چاروں مصرعے زنجیر کی کڑیوں کی طرح باہم مربوط ہوں۔ الفاظ وتراکیب کا انتخاب موضوع کی مطابقت سے ایسا برمحل ہو کہ اس سے بہتر کا تصور ہی نہ ہو سکے۔ پہلے مصرعے میں مناسب الفاظ کے ساتھ خیال کو روشن کرایا جائے، دوسرے اور تیسرے مصرعے میں اس کے خدوخال کچھ اور نمایاں کیے جائیں اور چوتھے مصرعے میں مکمل خیال کو ایسی برجستگی اور شدت کے ساتھ سامنے لایا جائے کہ سننے والا مسحور و متحیر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ اس طرح رُباعی کے پہلے تین مصرعے گویا رُباعی کے مجموعی شاعرانہ حسن واثر کے لیے ایک ایسی لطیف اور سادہ فضا تیار کرتے ہیں جس سے سامع اکثر بے خبر

رہتا ہے لیکن یہ سادہ و پرکار فضا جب چوتھے مصرعے میں ڈرامائی انداز سے سامنے آتی ہے تو بڑی جرأت آزما بن جاتی ہے۔''(۱۲) لہٰذا ''چوتھا مصرع نہایت خوبی کے ساتھ ہونا چاہیے جس سے تینوں مصرعوں میں جان پڑ جائے''(۱۳) یوں سمجھ لیجیے کہ ''رباعی کے پہلے تین مصرعے سیڑھیوں کی حیثیت رکھتے ہیں جو قاری کو بتدریج ایک ایسی بلندی کی طرف لے جاتے ہیں جہاں چوتھا مصرع اپنا بھرپور جلوہ دکھاتا ہے۔ رُباعی کے چوتھے مصرعے کو سلام سندیلوی نے تین مصرعوں کا نچوڑ، امداد امام اثر نے تینوں مصرعوں کا خلاصہ، احسن مارہروی نے رُباعی کی جان، ضیا بدایونی نے حاصل رُباعی اور حمید عظیم آبادی نے کڑی کمان کا تیر قرار دیا ہے۔''(۱۴) نیز ''رُباعی کے پہلے، دوسرے اور چوتھے مصرعے چونکہ ہم قافیہ ہوتے ہیں اس لیے اصطلاحاً وہ 'مقفیٰ مصرعے' یا 'مقفّٰی مصرعے' کہلاتے ہیں۔''(۵۱)

بدیع و قافیہ میں رباعی کے اصطلاحی معنی یوں متعین کیے گئے ہیں:

''شعری دارای چہار مصراع کہ مانند دو بیتی ھای قدیم مصرعہای اول و دوم و چہارم آن بیک قافیہ بود و شاعر در قافیہ مصرع سوم آزاد باشد۔ از نظر وزن رُباعی مرکب از دوازدہ ہجاست کہ تا ہجای یازدہم و دوازدہم بلندی باشد۔ بنابراین بر وزن لاحول ولاقوۃ الا باللہ باشد در می آید.....''(۱۶)

اسی طرح حسیم لکھتا ہے:

" A quatrain composed of two distichs, or four hemistichs, three of which, namely the first, second and fourth, rhyme together. Each hemistich is of the measure تن تن تتتن تن تتتن تن تتتن (tan-tan-tatatan-tan-tatatan-tan-tatatan) as the famous Robaiyyat of the poet Omar Khayam....."(17)

شمس الدین فقیر کے مطابق:

''.....رُباعی کا وزن بحر ہزج کے ساتھ ہے اور اس میں نو زحاف آتے ہیں اور بہ سبب ان زحافوں کے چوبیس وزن حاصل ہوتے ہیں، پس اس سے معلوم ہوا کہ جو چار مصرعے ان چوبیس وزن میں سے کسی وزن پر ہوں گے ان کو رُباعی کہیں گے۔ نہ مطلق چار مصرع کو اور نہ اُن چار مصرع کو کہ کسی اور وزن پر ہوں جیسے کہ طریقہ عوام کا ہے کہ جب دو بیت اس طرح کی کہ مصراع اول اور دوم اور چہارم ہم قافیہ ہوں دیکھتے ہیں، اس کو رباعی کہہ دیتے ہیں۔''(۱۸)

فرہنگِ طلائی ___ المعجم الذھبی سے رُباعی کے اصطلاحی معنی دیکھیے:

"شعر یشمل اربعة مصاریع، المصراع الاول والثانی والرابع بقافیة واحدة والثالث مخالف، و وزن کل مصراع: 'لاحول ولاقوۃ الا باللہ' دوبیتی 'علی وزن مخالف" (۱۹)

بقول زین العابدین مؤتمن:

"رباعی و دوبیتی شعری را گویند کہ بنای آن چار مصراع متحد الوزن باشد۔ گاہی ہر چہار مصراع و اغلب سہ مصراع اول دوم و چہارم ہم قافیہ اند، تصریع بیت اول و پیروی مصراع آخر از قافیہ بیت اول ضروری و تصریع بیت دوم اختیاری است۔ این دو قسم شعر ہر یک وزن مخصوص بخود دارد کہ خروج از آن جائز نیست و در صورتیکہ چہارم مصراع با شرایط فوق در وزنی غیر از وزن مخصوص رباعی و دوبیتی سرودہ شود، دیگر نام رُباعی و یا دوبیتی بر آن اطلاق نمی شود، فرق رُباعی و دوبیتی تنہا در وزن است....." (۲۰)

حسن انوشہ کے نزدیک:

"رباعی..... از قالب ھای شعر فارسی کہ از چہار مصراع (دو بیت) تشکیل شدہ باشد و قافیہ باید در مصراع ھای اول، دوم و چہارم رعایت شود، اما رعایت قافیہ در مصراع سوم اختیاری است......

در آغاز، شاعران گرایش بیشتری بہ رعایت قافیہ در مصراع سوم داشتند، اما رفتہ رفتہ، مصراع سوم از قید قافیہ آزاد شد۔ تفاوت رُباعی با دوبیتی در وزن آن است، زیرا رُباعی ہم وزن با جملہ 'لاحول ولاقوۃ الا باللہ' است و بہ گونہ ھای متعددی تقسیم می شود۔ عروض دانایان کہن وزن رُباعی را از متفرعات بحر ہزج (مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن) می دانستہ اند و برای آن ۲۴ گونہ وزن یافتہ اند (شجرۂ اخرب و اخرم)۔ این گونہ ھا را نیز بہ دو دستۂ دوازدہ تایی تقسیم کردہ اند کہ در یک دست، مصراع با 'مفعول' آغاز می شود و در دستۂ دیگر با 'مفعولن'....." (۲۱)

رباعی کی صُوری حالت اور اس کی بحر و وزن پر مختلف اشارات کرتے ہوئے زیادہ تر محققین فن نے اس کا خاص اور معروف وزن 'لاحول ولاقوۃ الا باللہ' (مفعول مفاعیل مفاعیلن فاع) قرار دیا ہے، مثلاً چند آرا دیکھیے:

"وزنش خاص اینست، لاحول ولاقوۃ الا باللہ، و اگر بر این وزن نباشد آنرا رباعی نگویند......" (۲۲)

"رباعی بر وزن 'مفعول مفاعیل مفاعیلن فاع' یا 'لاحول ولاقوۃ الا باللہ' است......" (۲۳)

"رباعی..... بر وزن مفعول مفاعیل مفاعیلن فاع/فع، ولاحول ولاقوۃ الا باللہ باشد۔" (۲۴)

''رباعی...... وزنی خاص خود دارد، این وزن با جملۂ، معروف لاحول ولا قوۃ الا باللہ مطابقت می کند و بر مفعول مفاعیل مفاعیلن فع، از مزاحفات، بحر ہزج است، تقطیع می شود۔'' (۲۵)

اسی طرح جو رباعیاں مذکورہ وزن میں نہیں آتیں، عروضی قواعد کی رُو سے انھیں دو بیتیوں یا قطعات سے منسوب کیا جاتا رہا ہے، جیسے:

''رباعی بر وزن لاحول ولا قوۃ الا باللہ باشد...... فرق آن با دوبیتی درین است کہ دوبیتی بر وزن دیگر یست'' (۲۶)

''رباعی...... بوزن لاحول ولا قوۃ الا باللہ باشد، اگر باین وزن نباشد آنرا دوبیتی میگویند......'' (۲۷)

''رباعی در بحر ہزج اخرب و اخرم مثمن آید و وزنش این است لاحول ولا قوۃ الا باللہ و اگر برین وزن نباشد آنرا قطعہ گویند رباعی نہ گویند......'' (۲۸)

مگر یہ بات پیش نظر رہنی چاہیے کہ یہ بحر ہزج کا محض ایک وزن ہے اور رُباعی کے لیے ماہرین عروض نے بحر ہزج کے چوبیس اوزان (اخرب و اخرم) مختص کیے ہیں جنھیں پانچویں صدی میں عین الزمان، امام ابو علی حسن بن علی قطان مروزی (م ۵۴۸ھ) نے بارہ بارہ حصوں میں دو درختوں کی شکل میں پیش کیا اور اُن میں سے ہر شکل کو شجرے کا نام دیا۔ شمس قیس رازی نے اپنی تصنیف **المعجم فی معاییر اشعار العجم** میں ان شجروں کو نقل کیا ہے۔ (۲۹) رُباعی کے سلسلے میں عروضی نقاد اس امر پر ضرور متفق اللسان ہیں کہ اس کا بحر ہزج مثمن میں ہونا لازمی ہے، مراد یہ کہ اس کا ہر مصرع چہار رُکنی ہو، مثلاً:

''___ مستغربہ آنرا رُباعی خوانند از بہر آنکہ بحر ہزج در اشعار عرب مربع الاجزاء آمدہ است۔'' (۳۰)

''بدانکہ وزن رُباعی ___ از بحر ہزج بیروں نمی آید......'' (۳۱)

''اس بحر (ہزج) کا نام بحر رُباعی ہے کیونکہ رُباعی سوائے اس بحر کے اور بحر میں نہیں کہی جاتی...... پس جو لوگ واقف ہیں وہ عوام کی طرح ہر اک وزن کی دوبیت قافیہ دار کو رُباعی نہ کہیں گے۔'' (۳۲)

''رُباعی کے لیے صرف ایک بحر مختص ہے اور وہ ہے 'بحر ہزج'۔ اس بحر میں جو چار مصرعے بطور رُباعی کہے جاتے ہیں اُن میں سے ہر ایک مصرع چار ارکان پر مشتمل ہوتا ہے۔ چاروں ارکان میں استعمال ہونے والی ماتراؤں کی تعداد بیس ہوتی ہے۔ یہاں ماترا سے مراد یہ ہے کہ اگر رُباعی کے کسی

بھی مصرعے کی تقطیع کی جائے تو اس میں قابلِ شمار حروف تعداد میں بیس ہوتے ہیں۔" (۳۳)

تاہم اس صنفِ شعر کے لیے "یہ ضروری نہیں کہ سارے مصرعے ایک ہی وزن میں ہوں۔ رُباعی کے چار مصرعے چار مختلف اوزان میں کہے جا سکتے ہیں۔ شرط یہ ہے کہ چاروں اوزان بحرِ ہزج کے مقررہ چوبیس اوزان میں سے ہوں۔ بعض سخت گیر نقادوں نے اخرب اور اخرم کے اوزان کو ایک رُباعی میں جمع کرنا جائز نہیں سمجھا، یعنی وہ چاہتے ہیں کہ ایک رُباعی میں اخرب کے اوزان سے استفادہ کیا جائے یا اخرم کے اوزان سے ــــــ لیکن رُباعی میں شعرا نے اخرب اور اخرم کو الگ الگ رکھنے کی پابندی قبول نہیں کی۔" (۳۴) اس کے باوجود بھی رُباعی لکھنا ایک مشکل فن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فارسی اور اردو کے رُباعی گویوں کے ہاں تمام اوزان کے بجائے بیشتر مقبول اوزان ہی مستعمل رہے۔ فنِ رُباعی کی مشکلات کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ صاحب بحر الفصاحت نے اخرب اور اخرم کے ہر حصے کی رُباعیات کی وزن کے اختلاف اور مصرعوں کی ترتیب کے اعتبار سے اکتالیس ہزار چار سو بہتر (۴۱۴۷۲) صورتیں بتائی ہیں، یوں دونوں حصوں کی بیاسی ہزار نو سو چوالیس (۸۲۹۴۴) شکلیں بنتی ہیں۔ (۳۵) مگر ظاہر ہے کہ شاعری میں اس حوالے سے سند کے طور پر محض چند امثلہ تو تلاش کی جا سکتی ہیں لیکن ان سب صورتوں پر عمدہ شعرا کے ہاں طبع آزمائی کا رجحان نہیں ملتا۔ مثلاً اس ضمن میں شمیم احمد نے مختلف شعرا کی ۲۵۰ رُباعیوں (یعنی ۱۰۰۰ مصرعوں) کا دلچسپ عروضی اور شماریاتی تجزیہ کرتے ہوئے توجہ دلائی ہے کہ اُردو کے بڑے اور اہم شعرا نے رُباعی کے بہت کم اوزان کو برتا ہے۔ یوں اس کے ۲۴ اوزان کو استعمال کرنے کی آزادی اور گنجائش سے استفادے کا رجحان نہیں ملتا۔ (۳۶)

انواع کے اعتبار سے رُباعی کو عموماً دو قسموں میں رکھا جاتا ہے۔ وہ شکل جس کے تحت چاروں مصرعے مقفّٰی لائے جائیں 'رُباعی غیر خصی' یا 'مصرّع' کہلاتی ہے اور وہ صورت جس میں شاعر مصرعِ سوم بے قافیہ رکھتا ہے اسے 'رُباعی خصی' یا 'غیر مصرّع' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ (۳۷) ڈاکٹر سیروس شمیسا نے اپنی کتاب سیرِ رُباعی میں رُباعی کی انھی دو قسموں کو باعتبارِ قافیہ 'چہار قافیہ ئی' (غیر خصی) اور 'سہ قافیہ ئی' (خصی) قرار دیا ہے اور صوری اعتبار سے اس کی مزید چار شکلوں 'رُباعیات سہ بیتی'، 'رُباعیات مستزاد'، 'رُباعیات پیوستہ' اور 'رُباعیات موقوف المعانی' سے متعارف کرایا ہے۔ نیز موضوعی لحاظ سے وہ رُباعی کو 'رُباعی عاشقانہ'، 'رُباعی عارفانہ'، 'رُباعی فلسفی یا حکمی'، 'رُباعی مدحی'، 'رُباعی اجتماعی و سیاسی'، 'رُباعی مرثیہ'، 'رُباعی مستہجن و ہجو آمیز' اور 'رُباعی ساقی

نامہ میں تقسیم کرتے ہیں۔" (۳۸)

رُباعی کے سلسلے میں آغاز ہی سے بعض اختلافی مسائل زیرِ بحث آتے رہے ہیں مثلاً اس کی ایجاد اور ناموں کے حوالے سے متضاد آرا ملتی ہیں۔ خاص طور پر اس صنفِ سخن کی اختراع کے مسئلے کو محققینِ فن کے نقل کردہ بعض غیر مستند اور فرضی واقعات نے خاصا گنجلک بنا دیا ہے۔ ان میں سے سب سے قدیم واقعے کے ناقل صاحب المعجم ہیں، وہ لکھتے ہیں:

"و یکی از متقدمان شعرای عجم و پندارم رودکی واللہ اعلم۔ از نوع اخرم و اخرب این بحر وزنی تخریج کردہ است...... سبب اختراع این وزن آن بودہ است کہ روزی از ایام اعیاد بر سبیلِ تماشا در بعضی از متنزہات غزنین بری گشت...... کودکی دیدہ پانزدہ سالہ با زلف و عارضی چون سنبل...... شاعر در آن لیاقتِ خلق و ذلاقتِ نطق حیران ماندہ و انگشتِ تعجب در دندان گرفتہ بر آن تناسبِ اعضا آفرین و تحسین می کرد و بر آن صورتِ زیبا مفتوں و تمیں و لیس می خواند۔ تا یکباری در انداختن، گردگانی از گو بیرون اُفتاد و بہ قہقری ہم بہ جایگاہ باز غلتید۔ کودک از سر ذکای طبع و صفای قریحت گفت، نظم: غلطان غلطان ہمی رود تا بن گو...... شاعر را این کلمات وزنی مقبول و نظمی مطبوع آمد۔ بہ قوانینِ عروض مراجعت کرد و آن را از متفرعات بحرِ ہزج بیرون آورد و بہ واسطۂ آن کودک بر این شعور یافت...... کودکی بود نیک موزون و دلبر و جوانی سخت تازہ و تر و آن را ترانہ نام نہاد و مایۂ فتنہ، بزرگ را سر بہ جہان در داد...... " (۳۹)

دوسرا واقعہ المعجم فی معاییرِ اشعار العجم کے تین سو سال بعد کے ایک ضعیف راوی دولت شاہ سمرقندی کے ہاں ۸۹۲ھ میں اس کے تذکرے تذکرۂ دولت شاہ میں ملتا ہے جس نے رُباعی کی ایجاد سے متعلق واقعہ کو یعقوب بن لیث صفار کے عہد سے منسوب کیا ہے اور رودکی کے بجائے ابو دلف عجلی اور ابن الکعب کا ذکر کر کے اس کا رشتہ عجم کے بجائے عرب سے جوڑ دیا ہے۔ رُباعی کے سلسلے میں فارسی اور اُردو کے کم و بیش تمام محققین کے ہاں انھی دو فرضی قصوں کو خلط ملط کر کے اس صنف کی ایجاد کے مسئلے کو پیچیدہ بنا دیا گیا ہے۔ (۴۰) اس ضمن میں بیشتر محققین رُباعی کی ایجاد کے ڈانڈے سرزمینِ ایران سے ملاتے ہیں، جیسے:

"رُباعی کہ دریں وزن مستعمل است در اشعار عرب نبودہ است، در قدیم بر این وزن شعر تازی نگفتہ اند۔" (۴۱)

"بباید دانست کہ رُباعی را شعرای عجم اختراع نمودہ اند" (۴۲)

''رباعی ایران کا اختراع ہے۔'' (۴۳)

''سرودن رباعی را نخست شعرای خراسان زبان کشادند و تازیان از قرن پنجم ہجری این طرز سخن را از ایرانیان تقلید کردہ اند۔'' (۴۴)

''رباعی از اشعاری است کہ نخست در سرزمین ادب خیز و ذوق پرور ایران بوجود آمدہ و سپس در میان تازیان رواج یافتہ است'' (۴۵)

''عرب میں رباعی کا دستور نہ تھا۔ شعرائے عجم نے یہ بحر ہزج میں سے نکالی ہے۔'' (۴۶)

جبکہ بعض اسے عربوں کی ایجاد بھی گردانتے ہیں۔ (۴۷) اسی طرح رباعی سے متعلق متنازعہ امور میں اسے شخصی ایجاد کے بجائے قدیم چہار بیتی کی ترقی یافتہ یا تدریجی شکل بھی قرار دیا گیا۔ (۴۸) اور اسے کلمۂ رسولؐ (لاحول ولا قوۃ الا باللہ) سے بھی ماخوذ بتایا جاتا ہے۔ (۴۹) اس صنف کے ناموں میں بھی اختلاف ہے اور قواعد و عروض کی کتب میں اسے رباعی کے علاوہ دوبیتی (۵۰)، ترانہ (۵۱)، بیت (۵۲)، چہار مصرعی (۵۳)، چہار بیتی (۵۴)، خصی (۵۵)، چہار دانہ (۵۶)، چہار خانہ (۵۷)، چہار قاش (۵۸)، قول اور غزل (۵۹) اور دو بیتو و چہار بیتو (۶۰) سے بھی موسوم کیا گیا ہے۔ ان اختلافی مباحث اور متنوع ناموں کے باوصف رباعی اپنے خاص اوزان اور مخصوص دائرے کے پیش نظر ایک منفرد صنفِ سخن ٹھہرتی ہے۔ بظاہر یہ محسوس ہوتا ہے کہ ان صوری و فنی پابندیوں نے رباعی کو شرائط و قیود میں جکڑ رکھا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ یہی قدغنیں اس صنف کا شعری حسن برقرار رکھے ہوئے ہیں اور اس میں گوناگوں خصائص پیدا کرتی ہیں، جنھیں سامنے رکھتے ہوئے یہ کہا جاسکتا ہے کہ رباعی کا مستقبل نہایت روشن ہے اور بعض نئے تجربات بتاتے ہیں کہ یہ دقیق صنفِ شعر اپنے اندر امکانات (۶۱) کی گنجائش بھی رکھتی ہے۔

فارسی شاعری میں رباعیات کے ساتھ ساتھ 'فہلویات' کی روایت بھی ملتی ہے۔ بظاہر یہ دونوں شعری اشکال کسی قدر یکساں دکھائی دیتی ہیں مگر اپنے وزن اور سانچے کے لحاظ سے یکسر مختلف ہیں۔ لغت کی رُو سے 'فہلوی' دراصل 'پہلوی' کا معرب ہے، جس سے لغات میں یہ مراد لی گئی ہے:

''فہلویہ: معرب۔ پہلوی، مؤنث فہلوی۔ آنچہ بزبان پہلوی باشد، شعری کہ بہ یکی از زبانہای محلی ایران بہ وزن عروضی یا ہجائی سرودہ شدہ...... فہلویات: جمع......'' (۶۲)

''مؤنث فہلوی، کلمہ یا جملہ ای کہ بزبان پہلوی باشد...... شعری کہ بیکی از زبانہای محلی ایران بوزنی

از اوزان عروضی یا اوزان ہجایی سرودہ شدہ و بخشی از آنھا در قالب 'دوبیتی' است......ج۔فہلویات، فہلویہ......"(۶۳)

"فہلویات......از ریشۂ پارسی، آنچہ، بزبان پہلوی باشد......"(۶۴)

پہلوی ساسانی عہد کی زبان ہے جو اسلام کی آمد کے بعد مختلف علاقائی لہجوں کی شکل میں باقی رہ گئی۔ان مقامی لہجوں کے اشعار فہلویات کہلائے۔جدید معنوں میں انھیں 'ترانہ' یا 'دوبیتی' سے موسوم کیا جاتا ہے(۶۵) رباعی کے برعکس فہلویہ یا ترانہ و دوبیتی کے لیے سہ رکنی بحر، ہزج مسدس محذوف یا مقصور مختص ہے۔اس کے وزن کے لیے شمس قیس رازی نے المعجم میں تین اوزان مفاعیلن مفاعیلن فعولن / مفاعیل، فاع لاتن مفاعیلن فعولن اور مفعولاتن مفاعیلن فعولن کی نشاندہی کی ہے جبکہ ان تینوں میں سے مفاعیلن مفاعیلن فعولن / مفاعیل کو 'خوش ترین اوزانِ فہلوی' قرار دیا ہے۔(۶۶) فہلویات کے ضمن میں فارسی شاعری میں بندار رازی، باباطاہر عریاں، پور فریدون، شمس پس ناصر، شرفشاہ، محمد مغربی تبریزی، ملا سحر طہرانی، صوفی مازندرانی، نجمای شیرازی، حسینا، اسکندر خان بابا دای اور فایز دشتستانی کے اسما قابلِ ذکر ہیں، تاہم فہلویات کے ضمن میں ان شعرا میں جو شہرت لُری لہجے کے شاعر باباطاہر عریاں کو حاصل ہوئی وہ کسی دوسرے شاعر کو نہ مل سکی۔یہاں تک کہ یہ نوع انھی سے منسوب ہو کر رہ گئی۔پانچویں صدی ہجری کے اس معروف ترین شاعر کے متعلق ادبی تاریخوں اور کتبِ فنی میں بہت مختصر اشارات ملتے ہیں، جیسے:

"باباطاہر عریاں، ہمدانی بود و مسلک درویشی و فروتنی او کہ شیوۂ عارفان است سبب شدی تا وی گوشہ گیر گشتہ و گمنام زیستہ و تفصیلی از زندگانی خود باقی نگذارد فقط در بعضی کتب صوفیہ ذکری از مقام معنوی و مسلک و ریاضت و درویشی و صفتِ تقویٰ و استغنای او آمدہ است......"(۶۷)

"معروف ترین دوبیتی ہای فارسی از باباطاہر عریاں ہمدانی، شاعر قرن پنجم است"(۶۸)

"شاعر عارف ہمدانی کہ دوبیتی ہایی بہ لہجۂ لُری بہ او منسوب است......"(۶۹)

"دربارۂ شخصیت باباطاہر در ہمہ مآخذ ہای قدیمی از وی بعنوان یکی از اولیا، مشایخ متصوفہ نام بردہ شدہ و پیری پرہیزگار و صاحب مقامات و کرامات و درویشی شیفتہ و عاشق و شیدا و مجنون بہ مفہوم عرفانی

آن است و چون دو بیتی ھایش شہرت فراوانی دارد و پس از گذشت قرنہا بجا ماندہ و مردم بعنوان یک شاعر بہ اُو توجہ دارند و اُو را می شناسند و تنہا بہ ذکر نام اُو در زمرہ عرفا و اولیا بسندہ می کنند.....'' (۷۰)

گویا بابا طاہر عریاں کے حالات زیادہ سے زیادہ یہ معلوم ہوتے ہیں کہ وہ ہمدان کا رہنے والا تھا اور یہیں مدفون ہوا___ عارفوں کے مسلک سے وابستگی کے باعث اُس نے گوشہ گیری اور گمنامی کی زندگی گزاری اور تمام عمر درویشی و فروتنی اُس کا شعار رہا۔ بابا طاہر کے مفصل سوانحی واقعات میں صرف اس کی سلطان طغرل بیگ سلجوق سے ملاقات (۴۴۷ تا ۴۵۰ھ) کا تذکرہ ملتا ہے۔ پروفیسر ایڈورڈ۔جی براؤن نے اپنی کتاب A Literary History of Persia میں قدیم ترین ماخذ راحۃ الصدور کا حوالہ دیتے ہوئے اس ملاقات کا مفصل حال بیان کیا ہے، جس سے اس بے نیاز شاعر کی عاجزی ثابت ہوتی ہے۔ (۷۱) اپنی فطری آزادہ روی کے سبب اُس نے بحر ہزج کے اخرب واخرم اوزان کے بجائے اسی بحر کے خوش آہنگ اور دلپذیر وزن ہزج مسدس محذوف یا مقصور کو برتتے ہوئے رَے کی مقامی و دیہی بولی 'لُری' میں دوبیتیاں کہیں جو نہ تو فصیح فارسی زبان میں لکھی گئی ہیں اور نہ ہی رُباعی کے متعین اوزان پر پورا اترتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اہلِ فن کو انھیں رُباعیات قرار دینے میں تامل ہے اور تحقیق کی دنیا میں یہ بحث رہی ہے کہ بابا طاہر کے ان شعر پاروں کو رُباعیات کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟___ اس سلسلے میں زیادہ تر محققینِ فن، وزن سے قطع نظر انھیں رُباعیات ہی لکھتے رہے جبکہ کڑے اُصولوں پر پرکھنے والے انھیں قطعات یا دوبیتیوں سے تعبیر کرتے ہیں تاہم اس گتھی کو سلجھانے کے لیے بیچ کی راہ اپناتے ہوئے رُباعی پر کی گئی مفصل بحث کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ بابا طاہر عریاں کے یہ اشعار دوبیتیوں یا ترانوں کی ذیل میں آتے ہیں جنھیں قدیم معنوں میں 'فہلویات' کہا گیا۔ بابا طاہر کو اگر رُباعی گو سمجھا جاتا ہے تو اس کی وجہ اُن کے پیش کردہ شعر پاروں کا چار مصرعوں میں ہونے کے علاوہ عمدہ خصوصیات سے مزین ہونا ہے۔ اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ فارسی ادب میں گرد و نواح کی بولیوں میں شعر کہنے والے تو بہت ہیں مگر بابا طاہر عریاں کی دوبیتیوں میں دردمندی، سوز و گداز اور صبر و شکیبائی کا جس غنائیت اور دلکشی کے ساتھ اظہار ہوا ہے وہ انھیں دوسروں سے ممتاز و ممیز کر دیتا ہے، چنانچہ نہ صرف شعر و ادب کے ہر دور میں ان کا شمار معیاری کلاسیکی شعرا میں کیا گیا بلکہ پروفیسر براؤن نے تاریخِ ادبیاتِ ایران میں بابا طاہر کو عمر خیام، ابوسعید ابی الخیر اور پیر انصار (شیخ الانصاری) جیسے عظیم ترین رُباعی گویوں میں شمار کیا ہے۔ وہ انھیں 'ایران کا برنز' قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"Baba Tahir-i-Uryan,whose quatrains (Composed in what is variously described as 'the dialect of Hamadan' or 'The Luri dialect')are widely cited and sung in persia and have been repeatedly published there...The popularity of Baba Tahir, who may be called the burns of Persia, in due, no doubt, in large measure to the simplicity of his thoughts, the nearness of the dialect in which he writes to standard persian, the easy and melodious flow of his words, and their simple, uniform metre......"(72)

انھی اوصاف کے باعث ناقدین شعر باباطاہر عریاں کی دوبیتیوں (فہلویات) کو ستائش نگاہ سے دیکھتے ہیں، مثلاً چند اقتباسات دیکھیے جن سے اُن کے منفرد کلام کے خصائص بخوبی مترشح ہوتے ہیں:

"......دوبیتی ھای باباطاہر عریان درمیان اشعار دوبیتی فارسی ذوق وشوری دیگر دارد" (۷۳)

"عمدۂ شہرت باباطاہر در ایران بواسطہ دوبیتی ھای شیرین ومؤثر عارفانہ اوست۔ از خصوصیات این رباعیات آنکہ از وزن معمول رباعی کمی فرق دارد و نیز در لفظی شبیہ بہ لغت لری سرودہ شدہ و از این لحاظ آنہا را در کتب قدیم (فہلویات) نام دادہ اند۔ در تمام این رباعی ھای سادہ ومؤثر شاعر از جہان وحدت و دور افتادگی انسان و از پریشانی وتنہائی و ناچیزی و بیچیزی خود کردہ و از ہجر اق شکایت نمودہ و حسن اشتیاق معنوی خود را جلوہ دادہ است" (۷۳)

"اہمیت دوبیتی ھای باباطاہر در سادگی ولطف تاثیر ولحن صادقانہ آن است با اینکہ دوبیتی ھای او ظاہرا کوچک وحقیر مایہ بنظر می رسد در برانگیختن عواطف وتحریک احساسات و ایجاد شور و حال و دامن زدن بآتش اشتیاق اعجازی کند و بخوبی مشہود است کہ این ترانہ ھای دلکش ونغمہ ھای شورانگیز سرجوش دلی پرسوز وزائیدہ طبعی آتشین و خاطری دردمند وروحی مشتاق میباشد، گوئی این دوبیتی ھای کوچک وہیچ سراپا شرح سوز وگداز عاشق شیدا است کہ از یار جدا افتادہ و خرمن صبر وشکیبائی را بباد بیقراریہا دادہ و روی از ہستی چند روزہ بر تافتہ و بدم عشق حیات جاویدان یافتہ و خرمن جان را با آتش ناکامیہا سوختہ و

باانہمہ دیدہ از غیر یا بر دوختہ است، لطف دیگر این دوبیتی ھا در سادگی و سہولت الفاظ و معانی است، شاعر تنہا در بند بیان احساسات و شرح بیجا نہاد سوز درونی خود بود و دو پیرایہ ھای لفظی و صناعات شعری توجہی نداشتہ و قدر سخن از دل برآمدہ و رابا تکلفات و تصنعات فنی ضایع نکردہ است......"(۷۵)

یہ حقیقت ہے کہ سلجوقی دور کے اس فصیح شاعر کی مقامی زبان لُری میں مرقوم دوبیتیوں کا شمار آج اگر معتبر کلاسیکی ادبی سرمائے میں کیا جاتا ہے تو اس کا سبب اُن کا منفرد لہجہ اور اسلوب ہے جو سرتا سر درد و اخلاص اور سوز و گداز سے عبارت ہے۔ بابا طاہر عریاں کی شاعری صحیح معنوں میں عارفانہ و درویشانہ خیالات کا خزینہ ہے۔ تقویٰ و استغنا اُن کا امتیاز خاص اور عشق و محبت ان کے محبوب جذباتی کوائف کا مرکزی نقطہ ہے۔ انھوں نے اپنی درویشی اور بے خانمائی کا اظہار بلا کی مستانہ لے میں کیا ہے۔ بابا طاہر کی دوبیتیاں کلی طور پر عاشقانہ مزاج رکھتی ہیں اور ایک سچے عاشق کے درد و غم اور قلبی سوز کے تمام عناصر ان میں رچے بسے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ وہ اپنی شاعری میں اگر چہ پند و نصائح سے کام لیتے بھی ہیں تو بھی جذبات کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوٹتا۔ وہ قاری کو خرد کی گتھیاں سلجھانے پر مجبور نہیں کرتے بلکہ صاحبِ جنوں بنا دیتے ہیں، اسی لیے 'دل' بابا طاہر کی دوبیتیوں کا کلیدی نکتہ ہے۔ وہ جا بجا اپنے دل سے مخاطب ہوتے ہیں اور ایک سطح پر تو 'دل' ان کی اپنی ہی ہستی کے مترادف محسوس ہونے لگتا ہے۔ 'دل' گویا اُن خیالوں کا شہر ہے جو ہر لحظہ انھیں اسیر کیے رکھتے ہیں جبھی تو ان کے وفورِ شوق کی جھلکیاں اسی شہرِ بے مثال کے آئینے میں منعکس ہوئی ہیں۔ بابا طاہر کے ہاں دامانِ خیالِ یار کسی مرحلے پر نہیں چھوٹتا، حتیٰ کہ بعض مواقع پر تو ہجر میں بھی وصال کے مزے اٹھائے جا سکتے ہیں۔ یہ درست ہے کہ بسا اوقات محبوب کے لیے فداکاری و جاں سپاری کے جذبات نے اُن کے صبر و شکیبائی کا امتحان بھی لیا ہے مگر یہی ہجر و فراق حُسنِ محبوب کی مصوری پر منتج ہو کر تسکین پاتا بھی نظر آتا ہے۔ اسی طرح کیفیاتِ جذب و فنا کی پیش کش بابا طاہر عریاں کی روشِ خاص ہے اور اس ضمن میں بے ثباتیِ دہر نے انھیں ایک صوفی کی طرح شانت کر رکھا ہے۔ وہ انسان کی قلبی و ذہنی کشمکش پر جھلانے کے بجائے اُس کی نفسیاتی باریکیوں کا سراغ لگانے کی جستجو بھی کرتے ہیں۔ یوں سمجھ لیجیے کہ بابا طاہر کی دوبیتیاں ایسے سچے، کھرے اور خالص جذبات کا مرقع ہیں جن میں کسی قسم کا تصنع نہیں۔ لطف تو یہ ہے کہ ایک نامانوس زبان میں ہونے

کے باوصف آج بھی یہ شاعری ہمارے دل کے تاروں کو چھیڑتی ہے۔ مزید یہ کہ اُن کے سہل ممتنع پر مبنی یہ شعر پارے سادہ و رواں تشبیہات و استعارات، تلمیحات و اشارات اور تمثیلاتِ شعری کے تال میل سے معنی تہہ دار کے حصول میں یوں موفق ٹھہرے ہیں کہ ان کے کلام میں انفرادی شان پیدا ہوگئی ہے۔ خصوصاً آغاز میں بیان کی گئی رُباعی کی متعین تعریف، روایت اور فنی جکڑ بندیوں کو پیش نظر رکھیں تو بابا طاہر عریاں کی دوبیتیاں یا فہلویات چار مصرعوں میں جذبات و احساسات کے اظہار کا موثر، رواں دواں اور شیریں و دلنشیں اظہار محسوس ہوتی ہیں۔ یہاں طاہر عریاں کے متذکرہ منفرد شعری خصائص کی عکاس چند دوبیتیاں دیکھیے جو بلاشبہ شعریت و معنویت کا انتہائی پرکشش اور لائق استحسان امتزاج ہیں:

دلی دیرم خریدار محبت
کز او گرم است بازار محبت
لباسی بافتم بر قامتِ دل
ز پود محنت و تار محبت (۷۶)

خرم آنان کہ از تن جان ندانند
ز جانان جان ز جان جانان ندانند
بدردش خو کرن سالان و ماهان
بدرد خویشتن درمان ندانند (۷۷)

مو آن رندم کہ نامم بی قلندر
نہ خوان دیرم نہ مان دیرم نہ لنگر
چو روز آیہ بگردم گرد کویت
چو شو آیہ بخشتان وانہم سر (۷۸)

مو کہ سر در بیابونم شو و روز
سرشک از دیدہ بارونم شو و روز
نہ تب دیرم نہ جانم میکند درد
همیدونم کہ نالونم شو و روز (۷۹)

چرا آزردہ حالی ایدل ایدل
مدام اندر خیالی ایدل ایدل
برو کنجی نشین شکرِ خدا کن
کہ شاید کام یابی ایدل ایدل (۸۰)

خوش آن روزی که در گورم کنن تنگ — وریزن بر سرم خاک و خس و سنگ
نه پای آنکه از ماران گریزم — نه دست آنکه با موران کنم جنگ (۸۱)

ز بوی زلف تو مفتونم ای گل — ز رنگ روی تو دلخونم ای گل
من عاشق ز عشقت بی قرارم — تو چون لیلی و من مجنونم ای گل (۸۲)

دو زلفونت بود تار ربابم — چه میخواهی از این حال خرابم
تو که با مو سر یاری نداری — چرا هر نیمه شو آئی بخوابم (۸۳)

اگر آئی بجانت وانوازم — وگر نائی ز هجرانت گدازم
بیا دردی که داری بر دلم نه — بمیرم یا بسوزم یا بسازم (۸۴)

مو آن بحرم که در ظرف آمدستم — چو نقطه بر سر حرف آمدستم
بهر الفی الف قدی بر آیه — الف قدم که در الف آمدستم (۸۵)

دنیا خوان بی و مردم میهمان بی — امروز لاله بی و فردا خزان بی
بیه چالی کنن ناتش نهند گور — بمو واجن که اینت خانمان بی (۸۶)

نگارا تازه خیز مو کجائی — بچشمان سرمه ریز مو کجائی
نفس بر سینه طاهر رسیده — دم مردن عزیز مو کجائی (۸۷)

مرا دیوانه و شیدا ته دیری — مرا سرگشته و رسوا ته دیری
نمیدونم دلم دارد کجا جای — همیدونم که در دی جا ته دیری (۸۸)

یہ درست ہے کہ بابا طاہر عریاں نے رباعی کے مروج وزن اور سانچے کو من وعن اختیار نہ کیا

اور رزے کی مقامی بولی میں ایک سادہ، رواں اور مترنم بحر (ہزج مسدس محذوف یا مقصور) میں بے مثل شعر پارے رقم کرتے رہے لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اہلِ ایران نے ان منظوموں کی قدر و قیمت کو پہچانتے ہوئے بابا طاہر کا شمار عظیم رباعی گویوں میں ہی کیا اور اکثر و بیشتر ان کی دوبیتیوں (قدیم معنوں میں فہلویات) یا ترانوں کو 'رباعیات' ہی قرار دیا جاتا رہا۔ ایک دوسرے زاویے سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ بابا طاہر عریاں کو یہ مقام و مرتبہ دل میں اتر جانے والے مختذ کرہ خاص وزن میں شعر کہنے کے سبب ملا اور آج بھی ان کا نام تاریخِ ادب میں زندہ ہے ___ پھر یہی وہ وزن اور بحر ہے جسے بیسویں صدی کے شہرہ آفاق شاعر علامہ محمد اقبال نے بابا طاہر عریاں ہی کے تتبع میں اظہارِ مطلب کے لیے اختیار کیا اور کلامِ اقبال میں 'رباعیات' کے زیرِ عنوان، پیامِ مشرق، بالِ جبریل، اور ارمغانِ حجاز میں متعدد دوبیتیاں موجود ہیں۔ بالخصوص ارمغانِ حجاز (فارسی) میں تو علامہ کی دوبیتیوں کا رنگ و آہنگ کہیں پانچویں صدی کے اس درویش صفت شاعر سے جا ملتا ہے تو کہیں وہ فنی اور موضوعی اعتبار سے اس سے بہت آگے نکل گئے ہیں۔ ارمغانِ حجاز کی دوبیتیوں کے مطالعے سے ان دونوں شاعروں کے مابین صدیوں کا بُعد بھی ختم ہوا محسوس ہوتا ہے کہ یہاں بار ہا بابا طاہر عریاں کے عرفان و وجدان کی سچی اور کھری کیفیات شعرِ اقبال کے مضبوط اور منفرد فکری نظام کے آئینے میں پوری آب و تاب کے ساتھ منعکس ہوئی ہیں۔ پھر کہا جا سکتا ہے کہ جس طرح رباعی کی مضبوط روایت کے سامنے بابا طاہر عریاں کی فہلویات یا ترانوں نے اپنا مقام و مرتبہ منوایا، بعینہٖ اقبال کی دوبیتیوں نے بابا طاہر کے لُری لہجے کے حامل شعر پاروں کی تعبیرِ نو (Re-Interpretation) کر کے انھیں نئے فکری و فنی ابعاد بخش دیے ہیں۔

حوالے اور حواشی:

۱۔ سیروس شمیسا، ڈاکٹر: سیر رُباعی در شعر فارسی، ایران: انتشارات فردوس، طبع دوم ۱۳۷۴، ص ۱۳

۲۔ عبدالحق و ابواللیث صدیقی (مولفین): اُردو لغت (تاریخی اصول پر)، کراچی: اُردو ڈکشنری بورڈ ۱۹۸۳ء، ج ۱۰، ص ۴۹۴

۳۔ فرمان فتح پوری، ڈاکٹر: اردو رُباعی، کراچی: مکتبہ سنگِ میل ۱۹۶۲ء، ص ۱

۴۔ سید سلیمان ندوی، علامہ: خیام، کراچی: اردو اکیڈمی سندھ، طبع اول (پاکستان) ۱۹۸۸ء، ص ۲۵۰

۵۔ ابوالقاسم پرتو: فرہنگ واژہ یاب، ایران: انتشارات اساطیر، طبع اول ۱۳۷۳ھ۔ش، ص۷۴۴

۶۔ منصور رستگار فسائی، ڈاکٹر: انواعِ شعر فارسی، شیراز: انتشارات نوید، طبع اول ۱۳۷۲، ص ۲۷۷

۷۔ سیروس شمیسا، ڈاکٹر: سیر رُباعی در شعر فارسی، ص۱۳

۸۔ محمد معین، ڈاکٹر: فرہنگ فارسی، تہران: موسسہ انتشارات امیر کبیر ۱۳۵۳، شمارہ ۳، ص۱۶۳۵

۹۔ منصور رستگار فسائی: انواعِ شعرِ فارسی، ص۲۷۷

۱۰۔ اُردو لغت (تاریخی اصول پر): ج۱۰، ص۳۹۴

۱۱۔ خیام، ص۲۵۰

۱۲۔ اُردو رباعی، ص۲۰۱

۱۳۔ نجم الغنی رامپوری، مولوی: بحر الفصاحت (طبع نو)، لاہور: مقبول اکیڈمی، ۱۹۸۸ء، ج۱، ص ۱۱۴

۱۴۔ حفیظ صدیقی، ابوالاعجاز: کشافِ تنقیدی اصطلاحات، اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، طبع دوم ۱۹۸۵ء، ص۸۴

۱۵۔ شمیم احمد: اصنافِ سخن اور شعری ہیئتیں، بھوپال: انڈیا بک امپوریم، طبع اول ۱۹۸۱ء، ص۷۰

۱۔ محمد خزائلی و حسن سادات ناصری: بدیع و قافیہ، ایران: موسسہ مطبوعاتی امیر کبیر، طبع اول ۱۳۳۴، ص۴۴

۱۷۔ حییم، سلیمان: فرہنگ جامع (فارسی۔ انگلیسی) تہران: کتابفروشی یہود ابرو خیم، ۱۳۴۱، ج۱، ص۹۴۰

۱۸۔ فقیر، شمس الدین: حدائق البلاغۃ (ترجمہ) امام بخش صہبائی، لکھنؤ: مطبع منشی نولکشور ۱۸۴۴: ص ۱۴۱

۔ محمد التونجی، ڈاکٹر (مولف) المعجم الذہبی (فارسی، عربی) بیروت: دار العلم للملایین، طبع اول ۱۹۶۹، ص۲۹۳

۲۰۔ زین العابدین مؤتمن: تحولِ شعرِ فارسی، ایران: کتاب خانہ طہوری، طبع چہارم ۱۳۷۱، ص ۸۷، ۸۸

۲۱۔ حسن انوشہ: دانشنامہ ادبِ فارسی (۲)، تہران: موسسہ آسیائی مرکزی ۱۳۷۵، ص ۶۲۲

۲۲۔ علی اکبر دہخدا: لغت نامۂ دھخدا، زیر نظر محمد معین و سید جعفر شہیدی، تہران: دانش گاہ تہران ۱۳۳۰ھ۔ش، شمارۂ مسلسل: ۸۸، بخش اول، ص ۲۴۷

۲۳۔ حسین رزمجو، ڈاکٹر: انواعِ ادبی، مؤسسہ چاپ و انتشارات آستان قدس رضوی، طبع اول ۱۳۷۰، ص ۳۰

۲۴۔ منصور رستگار فسائی: انواعِ شعر فارسی، ص ۲۷۲

۲۵۔ میمنت میر صادقی: واژہ نامۂ ہنر شاعری، تہران: کتاب مہناز، طبع دوم ۱۳۷۶، ص ۱۰۸

۲۶۔ محمد معین، ڈاکٹر: فرہنگِ فارسی معین، ص ۱۶۳۵

۲۷۔ محمد بہشتی (مولف) فرہنگ صبا، ایران: انتشارات صبا، سال ۷۲، ص ۵۰۰

۲۸۔ فرہنگ آنند راج، تہران: انتشارات کتاب خانہ خیام، ۱۳۳۶، ج ۲، ص ۲۰۳۶

۲۹۔ دیکھیے: المعجم فی معاییر اشعار العجم بکوشش سیروس شمسا، تہران: انتشارات فردوس، چاپخانہ رامین، طبع اول ۱۳۷۳ھ، ص ۲۶۰

۳۰۔ ایضاً، ص ۱۲۱

۳۱۔ نصیر الدین، مولوی: عروضِ سیفی، لاہور: شیخ مبارک علی تاجر کتب، طبع اول ۱۹۳۲ء، ص ۴۵

۳۲۔ نجم الغنی رامپوری: بحر الفصاحت، ج ا، ص ۲۷۴

۳۳۔ شمیم احمد: اصنافِ سخن اور شعری ہیئتیں، ص ۷۰

۳۴۔ حفیظ صدیقی: کشافِ تنقیدی اصطلاحات، ص ۸۵

۳۵۔ نجم الغنی رامپوری: بحر الفصاحت ج ا، ص ۲۸۱، ۲۸۲

۳۶۔ ملاحظہ کیجیے: اصنافِ سخن اور شعری ہیئتیں، ص ۷۲ تا ۸۰

۳۷۔ حفیظ صدیقی: کشافِ تنقیدی اصطلاحات، ص ۸۳

۳۸۔ سیروس شمیسا، ڈاکٹر: سیرِ رُباعی، ص ۲۲۳ تا ۲۲۷

۳۹۔ المعجم: ص ۱۱۹، ۱۲۰

۴۰۔ سلام سندیلوی، ڈاکٹر: اُردو رباعیات، لکھنؤ: نسیم بک ڈپو لاٹوش روڈ، طبع اول ۱۹۶۳ء ص ۳۷ تا ۶۲

۴۱۔ المعجم: ص ۱۲۱

۴۲۔ فقیر، شمس الدین: حدائق البلاغۃ، کانپور: مطبع نامی منشی نولکشور ۱۸۸۷ء، ص ۱۵۱

۴۳۔ کیفی، پنڈت دتاتریہ: کیفیہ، کراچی: انجمن ترقی اُردو پاکستان، طبع دوم ۱۹۵۰ء، ص ۳۰۰

۴۴۔ محمد خزائلی و حسن سادات ناصری: بدیع و قافیہ، ص ۲۵

۴۵۔ زین العابدین مؤتمن: تحولِ شعر فارسی، ص ۹۰

۴۶۔ نجم الغنی: بحر الفصاحت، ج ۱، ص ۲۷۲

۴۷۔ دیکھیے: خیام از سید سلیمان ندوی، ص ۲۵۲ تا ۲۵۶

۴۸۔ یہ مؤقف حافظ محمود شیرانی نے تنقید شعر العجم میں پیش کیا ہے، دیکھیے: مقالاتِ حافظ محمود شیرانی، ج ۵، مطبوعہ مجلس ترقی ادب لاہور، طبع اول ۱۹۷۰ء، ص ۱۰ تا ۱۳

۴۹۔ محمد ارشاد: رباعی کی تاریخ (۳) مضمون، سہ ماہی فنون، جنوری، اپریل ۲۰۰۳ء شمارہ: ۱۱۹، ص ۴۰، ۴۱، ۴۲

۵۰۔ مثلاً براؤن کے مطابق:

"The Rubai, or quatrain, is formally two bayts(whence called du-bayti) or four hemistichs (whence called rubai), written in a particular metre, Hazaj." *(A Literary History of Persia*, London: Cambridge Univeristy Press,1964, vol:2, page:260)

۵۱۔ جیسے ''ترانہ..... بروزن جوانہ..... بمعنی دو بیتی یعنی رباعی.....'' فرہنگ آنند راج، ج ۲، ص ۱۰۶۴)

''ترانہ، اس کو (رباعی کو) اس لیے کہتے ہیں کہ موسیقی نے اس وزن پر اچھے اچھے راگ بنائے ہیں، عربی میں ایسے اشعار کو قول کہتے ہیں۔'' (بحر الفصاحت، ج ۱، ص ۱۱۴)

''فارسی میں رباعی کا سب سے پرانا نام غالباً ترانہ ہے۔'' (خیام، ص ۲۵۶)

۵۲۔ دیکھیے: خیام از سید سلیمان ندوی، ص ۲۵۷

۵۳۔ کشاف تنقیدی اصطلاحات، ص ۸۴

۵۴۔ مقالاتِ حافظ محمود شیرانی، ج ۵، ص ۱۰، ۱۱

۵۵۔ کشاف تنقیدی اصطلاحات، ص ۸۴

۵۶۔ سیروس شمیسا: سیرِ رُباعی، ص ۱۶

۵۷۔ ایضاً

۵۸۔ ایضاً

۵۹۔ المعجم، ص ۱۴۰

۶۰۔ محمد کامگار پارسی: رُباعی و رُباعی سرایان، تہران: دانش گاہ تہران ۱۳۷۲ھ، ص ۴۳

۶۱۔ جیسا کہ اردو کے ممتاز شاعر اسلم انصاری نے رباعی کو صنف کے بجائے مختصر نظم کی ایک مسلمہ اور مصدقہ ہیئت کے طور پر اپناتے ہوئے اردو کی اولیں بے قافیہ رباعیاں تحریر کی ہیں۔ ان کے مطابق: ''ہو سکتا ہے کہ اس صورت ہی مختصر نظم کو ایک تسلیم شدہ ہیئت اور ایک نیا وزن و وقار میسر آ سکے۔''

اسلم انصاری کی 'رباعیات معریٰ' کا انداز کچھ یوں ہے:

اے میرے خیالِ گلِ بداماں، تو نے
بخشے ہیں ہزار نقشِ رنگیں مجھ کو
ہیں تیرے بغیر شہر و صحرا سُونے
تو ہے تو ہے ایک شاخِ گل بھی گلشن

پتوں پہ گری ہیں رس کی بوندیں کیسی
پلکوں پہ دمک اُٹھے ہیں تارے کیا کیا
جاگی ہیں نہ جانے کتنی ہی تصویریں
یاد آئے ہیں دل کو جانے والے کتنے!

دیکھیے: مکالمہ، کراچی: اکادمی بازیافت، شمارہ: ۱۱، جولائی تا دسمبر ۲۰۰۳ء، ص ۱۷۶ تا ۱۷۸

۶۲۔ فرہنگِ صبا: ص ۷۷۸

۶۳۔ فرہنگِ فارسی معین: ج ۲، ص ۲۵۸۸

۶۴۔ فرہنگِ واژہ یاب: ج ۲، ص ۱۳۳۹

۶۵۔ سیروس شمیسا: سیرِ رُباعی، ص ۱۳

۶۶۔ المعجم فی معاییرِ اشعار العجم،ص۱۴۴

۶۷۔ رضازادہ شفق،ڈاکٹر:تاریخِ ادبیاتِ ایران،تہران:موسسہ چاپ و انتشارات امیر کبیر۱۳۴۲ء،
ص۱۰۹

۶۸۔ حسین رزمجو:انواعِ ادبی،ص۴۲

۶۹۔ سیروس شمیسا:سیرِ رُباعی،ص۳۰۸

۷۰۔ اسعادعبدالہادی قندیل:فنونِ شعرِ فارسی،مترجم:فاطمہ سوہانقلر،طبع دوم۱۹۸۱ء،ص۱۳۹

71- Browne, Edward G: *A Literary History of Persia*, vol:2, page:261-262

72- Ibid,page:83-84

۷۳۔ محمد خزائلی و حسن سادات ناصری:بدیع و قافیہ،ص۴۲

۷۴۔ رضازادہ شفق:تاریخِ ادبیاتِ ایران،ص۱۰۹

۷۵۔ زین العابدین مؤتمن:تحول شعر فارسی،ص۱۰۰

۷۶۔ باباطاہرعریاں:دیوان کامل بی نظیر بابا طاهر عریان همدانی بکوشش وحید دستگردی
تہران:انتشارات کتاب فروشی ادب،طبع سوم۱۳۳۱،ص۲۶

۷۷۔ ایضاً،ص۲۶

۷۸۔ ،،،ص۲۹

۷۹۔ ،،،ص۳۱

۸۰۔ ،،،ص۳۲

۸۱۔ ،،،ص۳۳

۸۲۔ ،،،ص۳۴

۸۳۔ ،،،ص۳۵

۸۴۔ ،،،،

۸۵۔ ،،،ص۳۷

۸۶۔ ،،،ص۶۶

۸۷۔ ،،،ص۶۸

۸۸۔ ،،،ص۶۹

☆

۲۔ اقبال کی دوبیتی ـــــ ایک تحقیقی مطالعہ

کلامِ اقبال کا مطالعہ کیا جائے تو یہ حیرت ہوتی ہے کہ اس قادر سخن شاعر نے کلاسیکی مزاج اور اصول وضوابط کو عزیز رکھنے کے باوصف، رباعی کے متعین اوزان کو بہت کم برتا۔ اس کے مقابلے میں ان کے ہاں باباطاہر کی اختیار کردہ منفرد صنفِ سخن "فہلویہ یا ترانہ و دوبیتی کا وزن زیادہ مستحسن ٹھہرتا ہے اور انھوں نے باباطاہر عریاں کی متذکرہ مترنم و سحر کی آہنگ پر مبنی سہ رکنی بحر (ہزج مسدس محذوف یا مقصور) میں عمدہ دوبیتیاں رقم کی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ اقبال کے قلب و ذہن پر اس بحر کی موسیقی اور نغمگی اس قدر اثر کر گئی کہ وہ اس میں کمال درجے کے ذوق وشوق سے شعر کہنے لگے۔ حتیٰ کہ رباعی کی طرف ان کی توجہ نہ رہی، یہی وجہ ہے کہ انھیں رباعی گو کے بجائے 'دوبیتی نگار' کہنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ یہاں یہ بات پیش نظر رہنی چاہیے کہ صنف رباعی کی طرف کم اعتنائی کا سبب اقبال کی اس وزن اور بحر سے ناآشنائی نہیں بلکہ اصل بات یہی ہے کہ انھیں باباطاہر کے اختیار کردہ وزن کی خوش آہنگی اس حد تک پسند آئی کہ وہ اس کی طرف راغب ہوتے چلے گئے۔ اگر وہ چاہتے تو رباعی کے متعین اوزان کو پیش نظر رکھتے ہوئے، اس صنفِ شعر میں بھی اپنی شکوہِ شعری کا بے مثل اظہار کر سکتے تھے اس لیے کہ وہ رباعی کہنے کی صلاحیت سے مستفیض تھے اور ان کے کلام میں موجود مطبوعہ و غیر مطبوعہ رباعیاں قلیل ہونے کے باوجود اس امر کی تصدیق کرتی ہیں۔ اقبال کے ہاں غیر مطبوعہ رباعیاں کچھ یوں ہیں:

مشہور زمانے میں ہے نامِ حالی
معمور مے حق سے ہے جامِ حالی
میں کشورِ شعر کا نبی ہوں گویا
نازل ہے مرے لب پہ کلامِ حالی(۱)

واعظا! تیرے فلسفے سے ہوں میں حیراں
منطق ہے تری نئی، نیا طرزِ بیاں
انسان کے واسطے ہے مذہب، لیکن
تو کہتا ہے: "مذہب کے لیے ہے انساں" (۲)

تو قیس نہیں تو تجھ کو بن سے کیا کام؟
زر پاس نہیں تو راہزن سے کیا کام؟
مُسلم کی بنائے قومیت ہے اسلام
مُسلم ہے اگر تو، تو وطن سے کیا کام؟ (۳)

باہر ہوئے جاتے ہو کیوں جامے سے
پوچھو کسی پنڈت سے نہ علامے سے
میں تم کو بتاتا ہوں، یونیورسٹی کیا ہے
پتلون کی تکرار ہے پاجامے سے (۴)

بعض مولفین و محققین نے 'انجمن کشمیری مسلمانان' کے اجلاس میں پڑھے جانے والے ذیل کے شعر پاروں (۵) کو بھی جو ستمبر ۱۹۰۱ء میں 'کشمیری گزٹ' میں شائع ہوئے تھے، اقبال کی غیر مطبوعہ رباعیات قیاس کیا ہے (۶) حالانکہ یہ رباعی کے وزن میں نہیں:

کہکشاں میں آ کے اختر مل گئے
اک لڑی میں آ کے گوہر مل گئے
واہ وا کیا محفلِ احباب ہے
ہم وطن، غربت میں آ کر مل گئے

ظلم سہتے ہیں، وطن اپنا نہ جن سے چھٹ سکا
شکوۂ حکام، پر اے دل! نہیں تیرا بجا
کیا عجب کشمیر میں رہ کر جو ہے ان پر جفا
پائے گل اندر چمن دائم پُر است از خار ہا

موتی عدن سے لعل ہوا ہے یمن سے دُور
یا نافۂ غزال ہوا ہے ختن سے دُور
ہندوستاں میں آئے ہیں کشمیر چھوڑ کر
بلبل نے آشیانہ بنایا چمن سے دُور

سو تدابیر کی، اے قوم یہ ہے اک تدبیر
چشمِ اغیار میں بڑھتی ہے اسی سے توقیر
دُرِّ مطلب ہے اخوت کی صدف میں پنہاں
مل کے دنیا میں رہو مثلِ حروفِ کشمیر

سامنے ایسے گلستاں کے کبھی گر نکلے
جیبِ خجلت سے سرِ طور نہ باہر نکلے
ہے جو ہر لحظہ تجلّی گہہِ مولائے جلیل
عرش و کشمیر کے اعداد برابر نکلے

پنجۂ ظلم و جہالت نے بُرا حال کیا
بن کے مقراض ہمیں بے پر و بے بال کیا
توڑ اس دستِ جفا کیش کو یارب، جس نے
روحِ آزادیِ کشمیر کو پامال کیا

بُت پرستی کو مرے پیشِ نظر لاتی ہے
یادِ ایامِ گزشتہ مجھے شرماتی ہے
ہے جو پیشانی پہ اسلام کا ٹیکا اقبال
کوئی پنڈت مجھے کہتا ہے تو شرم آتی ہے

کشمیر کا چمن جو مجھے دل پذیر ہے
اس باغ جاں فزا کا یہ بلبل اسیر ہے
ورثے میں ہم کو آئی ہے آدم کی جائداد
جو ہے وطن ہمارا، وہ جنت نظیر ہے

دہر کی شانِ بقا خطۂ کشمیر میں دیکھ
باغِ جنت کی ہوا خطۂ کشمیر میں دیکھ
ذرّے ذرّے سے ہے اک حسن کا طوفان بپا
جوش میں لطفِ خدا خطۂ کشمیر میں دیکھ

جبکہ مطبوعہ رباعیاں دو ہیں:

مشرق میں اصول دین بن جاتے ہیں
مغرب میں مگر مشین بن جاتے ہیں
رہتا نہیں ایک بھی ہمارے پلّے
واں ایک کے تین تین بن جاتے ہیں(۷)

گُل گفت کہ عیش نو بہارے خوشتر
یک صبح چمن ز روزگارے خوشتر
زاں پیش کہ کس ترا بدستار زند
مُردن بکنارِ شاخسارے خوشتر(۸)

اس کے برعکس علامہ کے ہاں بحرِ ہزج مسدس میں لکھی گئی دوبیتیوں کی تعداد زیادہ ہے۔ بالِ جبریل میں ۴۱ اور ارمغانِ حجاز (اردو) میں دو حصوں کے تحت ۱۳ دوبیتیاں رقم کی گئی ہیں۔ یوں اقبال کے اردو کلام میں کل ۵۴ دوبیتیاں ملتی ہیں جبکہ فارسی کلام میں ان کی تعداد اچھی خاصی ہے۔ اس ضمن میں پیامِ مشرق میں 'لالۂ طور' کے زیرِ عنوان ۱۶۳ اور ارمغانِ حجاز کے پانچ حصوں، 'حضورِ حق'، 'حضورِ رسالت'، 'حضورِ ملت'، 'حضورِ عالمِ انسانی' اور 'بہ یارانِ طریق' میں ۳۹۴ دوبیتیاں موجود ہیں۔ علامہ کو یہ بحر اور وزن اس قدر مرغوب ہے کہ شیخ محمود شبستری کی مثنوی کے جواب میں گلشنِ راز، جدید پیش کرتے ہوئے، ان کی نگاہِ انتخاب اسی پر پڑی۔ شعرِ اقبال میں 'رباعیات' کے تحت مرقوم دوبیتیاں رباعی کے مروجہ نظامِ اوزان اور شرائط و قیود سے مکمل طور پر انحراف کر کے خود اپنا ایک نظام تشکیل دیتی ہیں۔ اس سلسلے میں وہ بابا طاہر عریاں کے اثرات جذب کرتے اور بہت حد تک ان کا تتبع کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ اس مجذوب شاعر کے کلام کے گرویدہ ہونے کے باعث وہی جذب و جنوں، سوز دروں اور بے نیازانہ و مستانہ لَے اُن کی دوبیتیوں میں جاری و ساری ہے۔ مزید یہ کہ ان کا انفرادی انداز اس قلندرانہ طرزِ کلام سے مل کر بے مثال شعر پارے تخلیق کرتا ہے۔ ان دوبیتیوں کے ہر ایک مصرعے سے اقبال کے داخلی سوز، وفورِ شوق اور شدتِ احساس کا پتا ملتا ہے۔ قابلِ غور بات یہ ہے کہ فکری سطح پر اقبال، اس شاعر سے بہت آگے نکل گئے ہیں یعنی بابا طاہر کے کلام میں جہاں سرتاسر جذبے کی کارفرمائی ہے، وہاں علامہ کے ہاں تحرک و حرارت اور فکر و تدبر نے انفرادی شان پیدا کر دی ہے۔ بابا طاہر کے کلام میں جذبہ ہی جذبہ ہے جبکہ اقبال کے ہاں جذبات، قوت و شوکت کے قلبی احساس سے مملو ہو کر ان کی شاعری کو نصب العین مقام عطا کرتے ہیں۔ بابا طاہر عریاں کے برعکس ان کی دوبیتیوں میں خود سپردگی کا بھی مستقل اظہار نہیں بلکہ ملتِ اسلامیہ کے اجتماعی احساس کی جھلکیاں ساتھ ساتھ چلتی ہیں۔ دونوں شاعروں کے کلام کا مرکزی نقطہ 'دل' ہے مگر تعبیریں جدا جدا ہیں۔ فکری انداز اقبال کی دوبیتیوں کو ہر لحظہ نئی برق تجلی سے ہمکنار کراتا ہے۔ اقبال کے بابا طاہر سے شعری و فنی اکتسابات کے ضمن میں ناقدین کے ذیل کے اقتباسات لائقِ مطالعہ ہیں:

''......علامہ رباعی کے متعارفہ اوزان میں جن میں کثرت سے زحاف ہوتے ہیں، رباعی نہیں کہتے بلکہ انھوں نے اپنے لیے اس صنف کے ایک خاص وزن کو مخصوص کر لیا ہے جو ہزج سالم کی ایک صورت ہے۔ اس بحر میں عربوں نے اپنے لطیف ترین گانوں کی دھنیں باندھی ہیں اور بابا طاہر عریاں

نے جو اوائل عہد سلاجقہ کبیر کا رباعی گو ہے، اس وزن کو گویا اپنے لیے مخصوص کر لیا ہے۔ اس وزن کی شیرینی اور عدم پیچیدگی کی وجہ سے غالباً علامہ نے بھی تمام رباعیات اسی وزن میں کہیں......"(۹)

"......بابا طاہر کی رباعیوں کی ہیئت، ان کے آہنگ اور ان کے وزن نے اقبال کو اس قدر متاثر کیا کہ اقبال نے شیفتگی و وارفتگی کے عالم میں یہ طے کیا کہ وہ عمر بھر بابا طاہر کے قدم پر چلیں گے......"(۱۰)

"اقبال نے اُردو کی تمام رباعیات، بحرِ ہزج کے اس مخصوص وزن میں کہی ہیں، جس میں بابا طاہر نے داد سخن دی ہے۔ دقتِ نظر، نکتہ سنجی، اور لطافتِ معانی کے اعتبار سے اقبال کی رباعی اُردو میں اس صنفِ سخن کے ممکنات کا اظہار کامل ہے۔ تعجب ہے کہ اقبال، شاعری سے منکر ہوتے ہوئے بھی اپنی رباعیات کے لیے ایسا مترنم اور خوش آہنگ پیکر تخلیق کر گئے جو اپنی نظیر آپ ہے۔ اقبال کی رباعیات میں مابعد الطبیعیات کے تعقلات اور تصورات سے لے کر حیرت خانۂ تصوف کی واردات تک بھی کچھ موجود ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ ارمغانِ حجاز میں انھوں نے جو کچھ گفتنی تھا، رباعی کے قالب میں ڈھال کر کہہ دیا۔ بالِ جبریل میں علامہ کی جو رباعیات ہیں، ان سے پتا چلتا ہے کہ اس صنفِ سخن کے امکانات کتنے بے حصر و بیکراں ہیں۔ اقبال نے رباعی کو اس مقام تک پہنچا دیا ہے کہ اب اس کا مزید ارتقا پانا ضروری ہے۔ اقبال نے رباعی کے تمام ممکنات کی طرف اشارہ کر کے بتا دیا ہے کہ اس صنفِ سخن میں لطیف ترین واردات اور تجربات کیے جا سکتے ہیں......"(۱۱)

"......اقبال نے رباعی کے خاص وزن کی طرف توجہ نہیں دی مگر اپنے زورِ بیان سے دوبیتی کو رباعی بنا دیا ہے۔ رباعی کے چار اشعار (مصرعوں؟) میں کوئی خاص مضمون بیان کیا جاتا ہے۔ اقبال کی دوبیتیوں کا بھی یہی عالم ہے۔ شعرا نے بالعموم رباعی یا دوبیتی کی ظاہری ہیئت کی پابندی کی ہے۔ پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرع مردف و مقفیٰ ملتا ہے جبکہ تیسرا مصرع آزاد نظر آتا ہے یا بعض جگہ مقفیٰ اور مردف ___ اقبال نے متعدد دوبیتیوں میں پہلا اور تیسرا مصرع بے ردیف و قافیہ رکھا اور اس طرح اپنی آزادہ روی اور جدت پسندی کا ثبوت دیا......"(۱۲)

''.....علامہ اقبال نے اس مجذوب شاعر (بابا طاہر عریاں) کی رباعی کے وزن اور انداز کو فصیح اور شیریں فارسی میں سمونے کی کامیاب کوشش کی ہے البتہ دونوں کی رباعیات میں ایک بنیادی فرق یہ بھی ہے کہ جہاں بابا طاہر کا کلام سراپا جذبہ ہے، اقبال کے کلام میں جذبے کے ساتھ فکر عمیق کی ہم آہنگی بھی ہے۔ بابا طاہر کے ہاں خود سپردگی، جذب و مستی اور سوز و آشفتگی کی ایک مستقل کیفیت ہے۔ شاعری کی زندگی سراپا عشق ہے اور وہ اس کے اندر پوری طرح جذب ہو کے رہ گیا ہے۔ اگرچہ عشق، اقبال کے فلسفۂ حیات میں خودی کی طرح مرکزی حیثیت رکھتا ہے، مگر اقبال نے اس کی قوت وعظمت اور وسعت کا ذکر عاشق کے علاوہ ایک مفکر کے نقطۂ نظر سے کیا ہے.....''(۱۳)

تاہم دلچسپ بات یہ ہے کہ اقبال بحر ہزج مقصور یا محذوف میں لکھی گئی اپنی ان دوبیتیوں کو رباعیات میں ہی شمار کرتے رہے اور اس ضمن میں نہ صرف ان کے مطبوعہ کلام میں ایسی دوبیتیوں کو 'رباعیات' کے زیر عنوان شامل کیا گیا بلکہ ان کے ایسے بیانات موجود ہیں جن میں وہ انھیں رباعیات کہنے اور کہلائے جانے پر اصرار کرتے ہیں مثلاً چند اقتباسات دیکھیے:

''.....ایک چھوٹی سی رباعی عرض ہے.....

ترا یک نکتۂ سربستہ گویم
اگر درپ حیات از من بگیری
بمیری گر بہ تن جانے نہ داری
وگر جانے بہ تن داری نمیری''(۱۴)

''.....میری رائے میں ڈاکٹر عبدالرحمٰن مرحوم کے مزار پر مندرجہ ذیل رباعی بطور کتبے کے لکھنی چاہیے.....

دل من راز دان جسم و جان است
نہ پنداری اجل بر من گران است
چہ غم گر یک جہاں گم شد ز چشمم
ہنوز اندر ضمیرم صد جہان است''(۱۵)

''.....اگر آپ کو مضمون لکھنے کی زحمت گوارا ہی کرنا ہے تو ایک رباعی حاضر کرتا ہوں۔ اس پر لکھیے.....وہ رباعی مندرجہ ذیل ہے:

تو اے کودک منش خود را ادب کن
مسلماں زادۂ ای، ترکِ نسب کن
برنگِ احمر و خون و رگ و پوست
عرب نازد اگر، ترکِ عرب کن"(۱۶)

"......ایک رباعی اور عرض کرتا ہوں:

میانِ آب و گِل خلوت گزیدم
ز افلاطوں وفا را لب بریدم
نہ کردم از کسے دریوزۂ چشم
جہاں را جز بچشمِ خود ندیدم"(۱۷)

"......دوسری اشاعت میں متعدد نظموں، غزلوں اور رباعیات کا اضافہ ہوا ہے، بعض بعض جگہ لفظی ترمیم بھی ہے۔ کتاب کی ترتیب بحیثیت مجموعی وہی ہے، جو پہلے تھی......"(۱۸)

"......مجھے یقین ہے کہ اگر آپ کے شاگرد پیام مشرق (بالخصوص رباعیات اور قطعات) اور رموزِ بے خودی کی چند فصلوں کا مطالعہ کریں......تو ان کو میرے عمومی نظریہ حیات کو سمجھنے میں مدد ملے گی......"(۱۹)

"......میری تیسری تصنیف پیام مشرق ہے جو گوئٹے کے دیوان کے انداز و اسلوب پر لکھی گئی تھی۔ اس کے بعض حصوں میں جرمن شاعر ہائین اور گوئٹے کا جواب ہے۔ آغاز میں رباعیات ہیں جو مشہور صوفی شاعر بابا طاہر عریاں کے تتبع میں لکھی گئی ہیں مثلاً آرٹ اور نیچر کے متعلق یہ رباعی۔

بہ یزداں روزِ محشر برہمن گفت
فروغِ زندگی تابِ شرر بود
و لیکن گر نہ رنجی با تو گویم
صنم از آدمی پائندہ تر بود

گدائے جلوہ رفتی بر سر طور
کہ جان تو ز خود نا محرمے ہست
قدم اندر تلاش آدمے زن
خدا ہم در تلاش آدمے ہست" (۴۰)

" آیندہ، رباعیات کسی اچھے کاغذ پر ٹائپ کرا کر ارسال کریں تو بہتر ہو......" (۴۱)

"...... ہر رباعی علیحدہ کاغذ پر لکھوایئے...... ہر کاغذ میں تھوڑی سی جگہ صاف رہے تاکہ میں اس پر مترجم کی رہنمائی کے لیے تشریحی نوٹ لکھ سکوں......" (۴۲)

" مہربانی کر کے ایک ہی دفعہ بہت سی رباعیات نہ بھیج دیا کریں۔ تھوڑی تھوڑی بھیجا کریں۔ ان کو رباعیات کہنا غلط نہیں۔ بابا طاہر عریاں کی رباعیات جو اس بحر میں ہیں، رباعیات ہی کہلاتی ہیں۔ ان میں قطعات بھی داخل ہیں۔ ہاں یہ صحیح ہے کہ یہ رباعیات، رباعی کے مقررہ اوزان میں نہیں ہیں، مگر اس کا کچھ مضائقہ نہیں......" (۴۳)

" امید ہے کہ جو رباعی میں نے آپ کو ارسال کی تھی، وہ آپ نے صفحہ ۱۹ پر لکھ دی ہوگی۔ اس کاپی میں (جو واپس کر رہا ہوں) چار جگہیں خالی ہیں، ان کو بھی پُر کرنا ہے۔ اس واسطے مندرجہ ذیل تین رباعیاں بھیجتا ہوں، ان کو بھی اس کاپی میں لکھ دیں...... جو جگہیں خالی رہ جائیں، ان کے لیے اور رباعیاں بھیجوں گا، کیونکہ خالی جگہ بُری معلوم ہوتی ہے......" (۴۴)

"...... آپ بے تکلف وہ رباعی، جو آپ کو پسند آ گئی ہے، اپنے نام سے مشہور کریں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے......" (۴۵)

"...... مسعود مرحوم کے کتبۂ مزار کے لیے میں نے مندرجہ ذیل رباعی انتخاب کی ہے

نہ پیوستم دریں بستاں سرا دل
ز بندِ این و آں آزادہ رفتم
چو باد صبح گردیدم دمِ چند
گلاں را رنگ و آبے دادہ رفتم

یہ رباعی میں نے اپنے کتبہ مزار کے لیے لکھی تھی لیکن تقدیر الٰہی یہ تھی کہ مسعود مرحوم مجھ سے پہلے اس دنیا سے رخصت ہو جائیں حالانکہ عمر کے اعتبار سے مجھ کو ان سے پہلے جانا چاہیے تھا، اس کے علاوہ رباعی کا مضمون مجھ سے زیادہ ان کی زندگی اور موت پر صادق آتا ہے......" (۳۶)

اس سلسلے میں ڈاکٹر عندلیب شادانی نے اپنے مضمون 'ترانہ، دوبیتی، رباعی' میں اقبال سے گفتگو کا ایک حصہ پیش کیا ہے، جس سے انھی بیانات کی تصدیق ہوتی ہے، یہ اقتباس ملاحظہ کیجیے:

"......ایک دن میں نے علامہ مرحوم سے پوچھا کہ پیام مشرق میں 'لالۂ طور' کے ماتحت جو اشعار درج ہیں، ان کے لیے آپ نے 'رباعیات' کا عنوان کس بنا پر اختیار فرمایا ہے حالانکہ وہ اشعار رباعی کے مخصوص وزن پر نہیں ہیں۔ علامہ نے فرمایا کہ بابا طاہر عریاں ہمدانی کی 'رباعیات' تو آپ نے دیکھی ہوں گی۔ میں نے عرض کیا کہ دیکھی ہیں۔ اس پر علامہ نے بابا طاہر کی یہ رباعی پڑھی:

نسیمے کز بنِ آں کاکل آیو
مرا خوشتر ز بوئے سنبل آیو
چو شو گیرم خیالش را در آغوش
سحر از بسترم بوئے گل آیو

اور فرمایا کہ دیکھیے اس کا بھی وہی وزن ہے، جو میرے زیر بحث اشعار کا ہے اور یہ رباعی کا مخصوص وزن نہیں۔ اس کے باوجود اہل ایران انھیں رباعی ہی کہتے ہیں اور ایران، ہندوستان اور یورپ میں جتنے مجموعے کلام بابا طاہر کے چھپے ہیں، ان سب کے سرورق پر 'رباعیات بابا طاہر' ہی لکھا ہے۔ جہاں تک فارسی کا تعلق ہے، ایرانی اہل زبان ہیں اور ہم زبان داں اور اصولاً زبان کے معاملے میں جمہور اہل زبان کا تتبع زبان دانوں کے لیے ضروری ہے۔ دستور زبان کے کلیات بجائے خود درست ہیں لیکن استثنا کی صورتوں میں اہل زبان کی پیروی لازم ہے۔ مانا کہ رباعی کا ایک مخصوص وزن ہے لیکن بابا طاہر کے اشعار کو اگر اہل ایران عام طور پر رباعی کہتے ہیں تو ہمیں کیا حق ہے کہ عروض کی

کتابوں کا سہارا لے کر ہم ان پر اعتراض کریں۔ اسی بنا پر میں نے اپنے اشعار زیر بحث کو رباعی کہنا درست سمجھا کیونکہ وہ بھی بابا طاہر کی رباعیات کے وزن پر ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ مخصوص وزن کے علاوہ رباعی کے پہلے، دوسرے اور چوتھے مصرعوں کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے۔ اگر پہلے مصرعے میں قافیہ نہ ہو تو ہم اُسے قطعہ کہتے ہیں اور آپ کی رباعیات میں اس قسم کے قطعات بھی شامل ہیں، ان کے متعلق کیا ارشاد ہے۔ فرمایا کہ یہ اعتراض آپ کا صحیح ہے اور سہو کاتب ہے کہ رباعیات و قطعات کے بجائے اس نے صرف رباعیات لکھا......" (۲۷)

اقبال کے اس قبیل کے ارشادات کے نتیجے میں دوبیتیوں کے باب میں ان پر اعتراضات کا در وا ہوا مثلاً اس ضمن میں یہ احساس ابھرا کہ اقبال غیر رباعی اوزان سے رباعی کے وزن کی شناخت نہ کر سکے اور بعض غیر رباعی اوزان کو رباعی سمجھتے رہے۔ رباعی کے فن کی اسی پیچیدگی کے سبب انھیں اسے برتنا دشوار محسوس ہوا تو وہ بحر ہزج مسدس مقصور یا محذوف میں لکھتے رہے اور بڑی سہولت کے ساتھ ایسے شعر پاروں کو رباعیات سے موسوم کرتے رہے:

"......ترانہ، موسیقی میں باعتبار اقسام الحان و رنگینی نغمات خواہ کتنا ہی دلپذیر و خوش آیند کیوں نہ ثابت ہو عروضی اوزان کے اعتبار سے ہمیشہ دقت اور دشواری کا سامان بنا رہا ہے۔ غیر رباعی اوزان سے اس کے اوزان کی شناخت نہ صرف عوام بلکہ شعرا کے لیے بھی ایک کٹھن مرحلہ ہے۔ اس کے متعلق اکثر لوگوں کو اشتباہ لگ جاتا ہے...... بہت لوگوں کو رباعی کے باب میں دھوکا ہوا ہے ڈاکٹر سر محمد اقبال کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بعض غیر رباعی اوزان کو رباعی سمجھتے رہے اور جب انھیں اپنی غلطی کا احساس ہوا اس کے ازالہ کی کوشش کی......" (۲۸)

"......اقبال، عروض کے نکات سے چنداں آشنا نہیں معلوم ہوتے۔ وہ صرف بحر ہزج مسدس یعنی مفاعیلن مفاعیلن فعولن ہی کو نہیں بلکہ بعض جگہ تو ایسے اوزان کو بھی رباعی کہہ گئے ہیں جن کا بحر رباعی سے کیا بلکہ رباعی کے مخرج، بحر ہزج ہی سے کوئی تعلق نہیں ہے......" (۲۹)

چنانچہ اقبال کے ان شعر پاروں کے صنفی تعین کے متعلق ناقدین کے ہاں مختلف بیانات ملتے ہیں۔ بعض نے انھیں رباعیات یا دوسرے وزن کی رباعیاں قرار دیا ہے۔ (۳۰) اور بعض کے خیال میں یہ فارسی اوزان کے بجائے سنسکرت سے زیادہ قریب ہیں۔ (۳۱) خاص طور پر ان دوبیتیوں کو قطعات، قطعہ نما رباعیات یا رباعی نما قطعات سے تعبیر کرنے کا رجحان سامنے آیا،

جیسے:

''......علامہ اقبال کو عروض پر عبور کامل تھا، اس میں دو رائیں نہیں ہو سکتیں، اس کے باوجود انھوں نے بالِ جبریل اور ارمغانِ حجاز میں متعدد قطعات کو رباعی کا عنوان دیا......رباعی کے لیے چوبیس اوزان مقرر ہیں جو ایک دوسرے سے بہت مماثل ہیں، ان کے علاوہ کسی اور وزن میں اس ہیئت کی نظم لکھی جائے تو اسے قطعہ کہیں گے، رباعی نہیں......'' (۳۲)

''......مخصوص وزن کے سوا کسی وزن کے دو قطعہ بند شعروں کو رباعی نہیں کہہ سکتے......ہمیں اب تک کسی مستند ہندوستانی یا ایرانی ماہر فن کی کوئی ایسی رائے نظر نہیں آئی جس میں اس نے کسی اور وزن کے قدیم یا جدید شعروں کو رباعی کہنے کا مشورہ دیا ہو محتاط علمائے فن نے قطعہ رباعی اور دو بیتی کو الگ کرنے میں ہر جگہ پوری احتیاط برتی ہے اور جیسا کہ ابھی کہا جا چکا ہے کہ کسی ہندی، ایرانی عروض نویس یا قواعد نگار کا کوئی ایسا قول نہیں ملا جس میں بحر ہزج مثمن یعنی چہار رکنی مصرعوں کے سوا بحر ہزج مسدس یعنی سہ رکنی مصرعوں کو رباعی بتایا گیا ہو......'' (۳۳)

''......ڈاکٹر صاحب نے دو دو شعر کے بہت سے قطعے لکھے ہیں، جنھیں صورتاً تو رباعی نہیں کہہ سکتے کیونکہ وہ رباعی کی متداول بحروں میں نہیں ہیں لیکن معناً ان کو قطعہ نما رباعی کہہ سکتے ہیں......'' (۳۴)

''اقبال نے قطعات میں بہت سے تجربے کیے ہیں۔ انھوں نے پہلی بار اردو میں 'رباعی نما قطعات' کو مستقل حیثیت دی۔ ان قطعات کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ رباعی کی طرح ہر مصرعے میں خیال کی رو تیز تر ہوتی جائے اور آخری مصرعے میں نقطۂ عروج تک پہنچ جائے اور آخری مصرعے کے ختم ہونے پر خیال قاری کے دل و دماغ پر پوری طرح چھا جائے۔ ایسے قطعات اقبال نے بیشتر بحر ہزج مسدس محذوف و مقصور میں لکھے ہیں۔ بعض لوگ انھیں 'رباعی' کہنے پر بضد ہیں۔ خود علامہ بھی انھیں رباعیات ہی کہا کرتے تھے مگر علم عروض سے اس کی تصدیق نہیں ہوتی۔ کیونکہ علم عروض کی رو سے رباعی کا وزن بحر ہزج مثمن (اخرم و اخرب) ہے۔ ان دونوں اوزان میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ اول الذکر بہت رواں ہے جبکہ ثانی الذکر رک رک کر چلتا ہے......'' (۳۵)

جبکہ عندلیب شادانی ان دو بیتیوں کو قطعات کے بجائے رباعیات کہتے ہیں:

''......انھیں قطعہ کہنا اس لیے درست نہیں کہ قطعے کے پہلے مصرعے میں قافیہ نہیں ہوتا اور رباعی میں ضروری ہے۔ چنانچہ جن دوبیتیوں میں باباطاہر نے پہلے مصرعے میں قافیہ اختیار نہیں کیا، اہلِ ایران نے انھیں قطعہ کہا ہے...... چونکہ اُردو کا عروض فارسی کے عروض پر مبنی ہے لہٰذا اگر اہلِ ایران ان دوبیتیوں کو بھی رباعی کہتے ہیں جو بحر ہزج مسدس مقصور یا محذوف میں لکھی جائیں اور جس کا نمونہ باباطاہر کی رباعیات ہیں تو اقبال یا کسی دوسرے شاعر کی لکھی ہوئی اردو یا فارسی کی ان دوبیتیوں کو بھی رباعی کہنا جائز ہے، جو اسی بحر و وزن میں ہوں۔ لہٰذا اقبال کی (ان دوبیتیوں کو) رباعی کہنا صحیح اور قطعہ کہنا غلط ہے...... دوبیتیاں اور بحروں میں بھی لکھی جاسکتی ہیں لیکن ہر بحر کی دوبیتی کو رباعی نہیں کہہ سکتے۔ بحر ہزج مثمن اخرب یا اخرم میں جو دوبیتیاں لکھی جائیں، انھیں رباعی کہتے ہیں۔ یہ قاعدہ کلیہ ہے اور بحر ہزج مسدس مقصور یا محذوف میں جو دوبیتیاں لکھی جائیں، انھیں بھی رباعی کہتے ہیں، یہ اس قاعدہ کلیہ کا استثنا ہے۔'' (۳۶)

ڈاکٹر عندلیب شادانی کے اس بیان سے اقبال کے ہاں قطعہ رباعی تنازعہ ابھرا۔ ڈاکٹر فرمان فتح پوری اور پروفیسر جابر علی سید نے اس ضمن میں ڈاکٹر عندلیب شادانی سے شدید اختلاف کیا۔ بالخصوص ڈاکٹر فرمان فتح پوری اور ڈاکٹر شادانی کے مابین اس موضوع پر مباحث نے طول بھی پکڑا۔ (۳۷) فرمان فتح پوری کے مطابق اقبال کے یہ اشعار رباعی کے مخصوص وزن میں نہیں ہیں لہٰذا انھیں رباعی کہنا غلط ہے، وہ لکھتے ہیں:

''......ڈاکٹر شادانی نے دوبیتی اور رباعی کے ناموں کو خلط ملط کر کے فروعی اور اضافی تصریحات کی مدد سے بحث کو مدلل سے کہیں زیادہ پیچیدہ تو بنادیا ہے لیکن کسی مستند عالم عروض یا ماہر فن کا کوئی حوالہ نہیں دیا...... شاعرانہ اصطلاح میں رباعی جس صنفِ سخن کا نام ہے، وہ اپنے مخصوص وزن ہی کی وجہ سے دوسرے اصناف سے ممیز ہے اور علمائے فن میں اس کے وزن کے متعلق کوئی اختلاف نہیں......
علامہ کا مذکورہ بیان محض سرسری ہے اور اس سے یہ نتیجہ مستنبط نہیں ہوتا کہ وہ اپنے اشعار کو اصطلاحی طور پر رباعی کہنے یا کہلوانے پر مصر تھے...... اقبال کی شاعرانہ عظمت سے انکار کفر ہے لیکن ایک ایسے علمی مسئلے پر جس میں تمام مستند اہلِ قلم و علمائے فن متفق الرائے ہوں، اقبال کی سرسری رائے کو فیصلہ کن سمجھنا غلطی ہے......'' (۳۸)

اسی طرح پروفیسر جابر علی سید کے خیال میں بھی عندلیب شادانی کا اقبال کے منظوموں کو

رباعیات کہنا درست نہیں اور ان کے اسی موقف کے باعث ہی کلامِ اقبال کے حوالے سے قطعہ رباعی تنازعہ نمایاں ہوا حالانکہ اقبال کو اس ضمن میں کوئی اصرار نہ تھا اور وہ ان دونوں اصنافِ شعر کے عروضی فرق سے بخوبی آگاہ بھی تھے۔ جابر علی سید اپنے مضمون: 'اقبال اور قطعہ رباعی تنازعہ' میں لکھتے ہیں:

> "..... عندلیب شادانی کا مزاج ہنگامہ پسندانہ تھا۔ انھوں نے اقبال کے ایک انحراف کو چونکانے والی بات بنالیا اور تنازعہ کافی عرصے تک چلتا رہا۔ یہ یقینی ہے کہ حیاتِ اقبال میں اگر کوئی اہلِ عروض قطعہ اور رباعی کا امتیاز تفصیل کے ساتھ ان کے سامنے بیان کرتا تو وہ اسے تسلیم کر لیتے اور رباعیات بابا طاہر کے مرتب کی غلط فہمی پر صاد کرتے۔ وہ بڑے انصاف پسند تھے جب وہ قطعہ اور رباعی کے بنیادی امتیازی آہنگ کے فرق اور تعدادِ ارکان کو محسوس کرتے تو فیصلہ اپنے ہی خلاف صادر کرتے..... مرتب رباعیاتِ طاہر ہی اس تنازعے کو نمایاں کرتا ہے..... یہ تنازعہ اب ختم تصور کرنا چاہیے اور اقبال کے اس اقدام یا تصورِ رباعی کو محض ان کی قلندرانہ بے نیازی پر محمول کرنا چاہیے....."(۳۹)

گویا اقبال کے ان منظوموں کے متعلق ناقدین کے ہاں جو مختلف اشارات ملتے ہیں، ان کے مطابق: یہ رباعیاں ہی ہیں کہ اقبال نے خود انھیں رباعیات سے موسوم کیا ــــ بابا طاہر عریاں کے ایسے شعر پاروں کو اہلِ ایران اسی صنف سے منسلک کرتے آئے ہیں، لہٰذا اقبال کے ہاں بھی انھیں اسی تناظر میں دیکھنا چاہیے ــــ ان اشعار کو مختلف وزن کی رباعیاں کہہ سکتے ہیں ــــ رباعی کے باب میں اکثر شعرا کو دھوکا ہوا ہے، چنانچہ اقبال بھی اس وزن کی پیچیدگی، وقت اور دشواری کے سبب اس کی شناخت نہ کر پائے ــــ اقبال، عروض کے نکات سے چنداں آشنا معلوم نہیں ہوتے ــــ اقبال کے یہ اشعار صورتاً رباعی نہیں مگر معناً قطعہ نما رباعی ہیں ــــ یہ قطعات میں تجربے کی مثال ہیں اور انھیں 'رباعی نما قطعات' کہنا چاہیے ــــ یہ قطعات ہیں، رباعی ہرگز نہیں ــــ قطعات نہیں بلکہ رباعی کے قاعدہ کلیہ کا استثنا ہیں ــــ یہ شعر پارے فارسی کے بجائے سنسکرت کے اوزان سے اثر پذیر ہیں ــــ اقبال کا یہ انحراف چونکا دینے والی بات نہیں، یہ اقدام تو محض ان کی قلندرانہ بے نیازی ہے ــــ اقبال، انصاف پسند تھے، اگر انھیں قطعہ اور رباعی کا فرق بتا دیا جاتا، تو وہ اسے بخوشی تسلیم کر لیتے ــــ اقبال کے سرسری بیان کو حرفِ آخر سمجھ کر ان فن پاروں پر رباعیات کا قیاس کرنا انصاف پسندی نہیں ــــ ناقدین کی ان آرا کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے شعرِ اقبال میں 'رباعی' کی بحث کے سلسلے میں چند امور کی وضاحت ضروری

ہے۔ اوّلاً تو اس امر کی تکذیب لازمی ٹھہرتی ہے کہ علامہ عروض ناآشنا تھے۔ اقبال کا کلام شاہد ہے کہ انھیں اس بات کا مکمل ادراک تھا کہ بحور اور اوزان شعر پارے کے خارجی آہنگ کو گہرا کرنے میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ جانتے تھے کہ وزن شعر کا لازمہ ہے اور یہ کہا کرتے تھے کہ:

"اگر ہم نے پابندیِ عروض کی خلاف ورزی کی تو شاعری کا قلعہ ہی منہدم ہو جائے گا۔" (۴۰)

پھر ایسا شاعر کیونکر عروض سے ناآشنا ہو سکتا ہے! اقبال نے تو فنِ عروض پر اپنی مشاقی و مہارت ہی کے باعث مروج اوزان و بحور میں متعدد مقامات پر بے حد تنوع دکھایا ہے (۴۱) شعرِ اقبال میں اسی امر کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے عبدالمجید سالک نے لکھا ہے کہ:

"اقبال اتنا عظیم شاعر تھا کہ وہ دس بیس نئے اوزان کا تعارف کرا دیتا تو دنیا انھیں بلا چون و چرا تسلیم کر لیتی لیکن اس نے گوارا نہ کیا اور ہمارے ذوق کی رعایت تا بحدِ امکان مدِ نظر رکھی۔" (۴۲)

اقبال کا کلام، ان کے مکاتیب اور مختلف بیانات بھی اس امر کی تصدیق کرتے ہیں کہ وہ عروضی و فنی رمزوں سے آگاہ تھے۔ انھوں نے نہ صرف متعین اوزان میں رباعیاں لکھیں بلکہ سید نذیر نیازی کے مطابق علمِ عروض سبقاً سبقاً پڑھا (۴۳) ہاں 'رباعی' کی صنف کو زیادہ تر انھوں نے اس کی مکمل شرائط و قیود اور اوزان و بحور کی جکڑ بندیوں سمیت قبول نہ کیا اور انھیں اس حوالے سے کوئی دعویٰ بھی نہ تھا۔ وہ اگر اپنی دو بیتیوں کو رباعیات قرار دیتے تھے تو اس کا سبب بھی انھوں نے بابا طاہر عریاں کا اتباع قرار دیا۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اقبال کے اس قبیل کے شعر پارے نہ تو رباعیاں ہیں کہ یہ رباعی کے متعین پیمانوں پر پورے نہیں اترتے اور نہ ہی یہ قطعات ہیں کہ اگر انھیں قطعے ہی لکھنے مقصود ہوتے تو وہ اپنے طریقے کے مطابق انھیں قطعوں کی ذیل میں باقاعدہ عنوانات کے تحت شامل کراتے اور اس حوالے سے محض بابا طاہر کی بحر اور وزن کو اختیار نہ کرتے۔ اسی طرح یہ 'صورتاً رباعی اور معناً قطعہ نما رباعی' بھی نہیں اور نہ ہی 'رباعی نما قطعات' ہیں کہ اقبال قطعہ و رباعی کا فرق جانتے تھے۔ یہ منظومے رباعی کے قاعدہ کلیہ کا استثنا بھی نہیں اور نہ ہی سنسکرت کے اوزان سے اثر پذیر ہیں۔ یہ اقبال کی 'قلندرانہ بے نیازی' بھی نہیں بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ اشعار دل پذیر تو صرف بابا طاہر عریاں سے اثر پذیر ہیں۔ اقبال کہا کرتے تھے کہ:

"کسی شاعر کو داد دینے کا بہترین طریق یہ ہے کہ اگر داد دینے والا شاعر ہو تو جس کو داد دینا مقصود ہو تو اس کے رنگ میں شعر لکھے یا بالفاظِ دیگر اس کا تتبع کر کے اس کی فوقیت کا اعتراف کرے۔" (۴۴)

یوں سمجھ لیجیے کہ اقبال چونکہ اس صوفی شاعر کے کلام کے والہ وشیدا تھے، لہٰذا اپنے داخلی سوز وکرب کو چار مصرعوں میں روانی وتسلسل کے ساتھ ڈھالتے ہوئے ان کی نگاہِ انتخاب بابا طاہر کی اختیار کردہ بحر اور وزن پر پڑی اور انھیں محسوس ہوا کہ یہی وہ رنگ ہے جسے اپنا کر وہ اپنے واردات قلبی کو موثر شعری پیرائے میں ڈھال سکتے ہیں۔ اس امر کا اعتراف انھوں نے اپنے مکاتیب میں بھی کیا اور اپنے ان شعر پاروں کو 'رباعیات' کہنے پر بھی انھوں نے صرف اسی لیے خفیف سا اصرار کیا کہ بابا طاہر کی دوبیتیوں کو اہلِ ایران نے رباعیات ہی کہا ہے، چنانچہ اس تتبع میں ان اشعار کو بھی رباعیات کہنے میں 'مضائقہ نہیں'۔ ورنہ حقیقتاً تو علامہ کے اس قبیل کے اشعار رباعی کے بجائے قدیم پہلوی منظوموں، فہلویات (جدید معنوں میں ترانے یا دوبیتیاں) ہیں اور انھی کے فنی سانچوں سے عین مِن مطابقت رکھتے ہیں۔ جس طرح بابا طاہر عریاں کی دوبیتیوں کو مربع شکل میں ہونے کے باعث رباعیات کہہ لیا جاتا تھا، اسی پس منظر میں اقبال نے اپنے اس بحر ووزن میں لکھے گئے مترنم اشعار کو تقلیداً رباعیاں قرار دے دیا۔ پھر یہ کہ اقبال نے یہ دوبیتیاں بابا طاہر کے رنگ میں صرف تتبع کرنے یا داد دینے اور ان کی فوقیت کا اعتراف کرنے کے لیے ہی نہیں کہیں بلکہ لُری زبان کے اس شاعرِ بے مثال کی دوبیتیوں میں جو شیرینی ونغمگی اور موسیقی وروانی ہے، وہ بھی کافی حد تک علامہ کے پیشِ نظر رہی۔ یاد رہے کہ بحور کے انتخاب کے سلسلے میں اقبال کا یہ خاص طریقہ رہا ہے کہ وہ زیادہ تر مروج بحروں کو ہی اپناتے ہیں لیکن جہاں کہیں وہ محسوس کرتے ہیں کہ متعین سانچوں سے آہنگ ونغمگی میں رکاوٹ پیدا ہو رہی ہے وہاں وہ انھیں توڑنے یا ان میں لچک پیدا کرنے سے ہرگز نہیں ہچکچاتے۔ یہ الگ بات ہے کہ ایسا خال خال ہی ہوا ہے۔ مراد یہ ہے کہ اقبال کے کلام میں اصل تقدیم ترنم ونغمگی کو حاصل ہے (۴۵) اور بابا طاہر عریاں کی بحر سے پسندیدگی کا ایک بڑا سبب بھی یقیناً حصول ترنم تھا کہ موسیقیت ونغمگی علامہ کی شعری وفنی اقلیم کا وہ بنیادی عنصر ہے جس پر انھوں نے کسی مقام پر سمجھوتہ نہ کیا اور اسی شعری خوبی کے باعث یہ کہا گیا کہ: "ان کا ایک مصرع ایسا نہیں ہوتا جو نازک سے نازک ساز پر گایا نہ جا سکتا ہو۔" (۴۶) پھر یہ بات بھی لائق توجہ ہے کہ اقبال کمال درجے کے خلاق شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ پیغامبری کا پہلو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ حتیٰ کہ بحروں کا انتخاب کرتے ہوئے بھی وہ اس امر سے پہلوتہی نہیں

کرتے۔" اقبال کی بحروں کے تجزیے سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ اقبال نے جو بحریں استعمال کی ہیں وہ ان کے مقصد، مزاج شاعری اور نقطۂ نظر، جذبے کی شدت اور فکر کی معنویت نیز سنجیدگی کے لیے موزوں ترین ہیں۔ چونکہ اقبال شاعری کو 'حرف تمنا' اور 'جزویست از پیغمبری' خیال کرتے تھے اور اس کے ذریعے ایک مخصوص پیغام عمل دینا چاہتے تھے اس لیے انھیں ایسی ہی تند و تیز، پُرخروش اور پُرجلال بحروں کی ضرورت تھی۔" (۴۷) چنانچہ بابا طاہر عریاں کی بحر میں انھیں دل میں اتر جانے کی خاصیت دکھائی دی کہ ایک اجنبی زبان میں ہونے کے باوجود بابا طاہر کی دوبیتیاں دل کے تاروں کو چھو لیتی ہیں۔ اقبال، ترسیل مطلب کا یہی دلنشیں انداز پسند کرتے تھے، لہٰذا بحر ہزج مسدس میں رباعی کہنے لگے۔ یہ درست ہے کہ رباعی کے اصول و قواعد پر یہ شعر پارے پورے نہیں اترتے اور آج کی زبان میں انھیں دوبیتیاں کہنا ہی زیادہ بہتر معلوم ہوتا ہے لیکن یہ امر بھی فراموش نہیں کیا جاسکتا کہ علامہ کی دوبیتیاں اس اعتبار سے امتیازی شان رکھتی ہیں کہ ان میں رباعی اور دوبیتی کے اوصاف مل گئے ہیں۔ یہ بھی مصرّع اور غیر مصرّع ہیں، ان میں بھی چاروں مصرعے زنجیر کی کڑیوں کے مانند ایک دوسرے میں پیوست ہیں اور تدریجی ارتقا بھی رکھتے ہیں۔ خاص طور پر چوتھا مصرع کسی نتیجے کا استخراج کرتا ہے۔ نیز متنوع موضوعات انھیں رباعی کے روایتی پند و نصائح پر مبنی موضوعاتی دائرے سے کہیں آگے لے جاتے اور ندرت بخشتے دکھائی دیتے ہیں۔ ڈاکٹر محمد ریاض نے بجا لکھا ہے کہ:

"اقبال نے رباعی کے خاص وزن کی طرف توجہ نہیں دی مگر اپنے زورِ بیان سے دوبیتی کو رباعی بنادیا ہے...... تسلسلِ بیان اور وسعتِ معانی کے لحاظ سے اقبال کی ہر دوبیتی اُردو یا فارسی کے بڑے بڑے رباعی گو شعرا جیسے اکبر یا حالی یا خیام، رومی، سعدی اور سحابی وغیرہ کی ہر رباعی کے مقابلے میں رکھی جا سکتی ہے......" (۴۸)

یہاں اقبال کے اردو (۴۹) اور فارسی (۵۰) کلام سے اس منفرد اور ممیز موضوعاتی تنوع کی عکاس دوبیتیاں دیکھیے جو اس نادرِ روزگار شاعر کے ہاں بابا طاہر عریاں کے رنگِ شعر کو وسعت دیتی اور اس کی فنی مہارت پر دلالت کرتی دکھائی دیتی ہیں:

وہ میرا رونقِ محفل کہاں ہے   مری بجلی مرا حاصل کہاں ہے
مقام اُس کا ہے دل کی خلوتوں میں   خدا جانے مقامِ دل کہاں ہے

(بالِ جبریل، ۸۳)

چمن میں رختِ گل شبنم سے تر ہے　　سمن ہے، سبزہ ہے، بادِ سحر ہے
مگر ہنگامہ ہو سکتا نہیں گرم　　یہاں کا لالہ بے سوزِ جگر ہے
(//،۸۵)

دمِ عارف نسیمِ صبحدم ہے　　اسی سے ریشۂ معنی میں نم ہے
اگر کوئی شعیب آئے میسر　　شبانی سے کلیمی دو قدم ہے
(//،۸۸)

حدیثِ بندۂ مومن دل آویز　　جگر پُر خوں، نفس روشن، نگہ تیز!
میسر ہو کسے دیدار اس کا　　کہ ہے وہ رونقِ محفل کم آمیز!
(ارمغانِ حجاز، اردو، ۳۱)

بباغاں بادِ فروردیں دہد عشق　　براغاں غنچہ چوں پرویں دہد عشق
شعاعِ مہر او قلزم شگاف است　　بماہی دیدۂ رہ بیں دہد عشق
(پیامِ مشرق، ۳۶)

جہاں یارب چہ خوش ہنگامہ دارد　　ہمہ را مستِ یک پیمانہ کردی
نگہ را با نگہ آمیز دادی　　دل از دل، جاں ز جاں بیگانہ کردی
(//،۳۵)

من از بود و نبودِ خود خموشم　　اگر گویم کہ ہستم خود پرستم
ولیکن ایں نوائے سادۂ کیست　　کسے در سینہ می گوید کہ ہستم
(//،۴۳)

کسے کو بر خودی زد لا الٰہ را　　ز خاکِ مردہ رویاند نگہ را
مدہ از دست دامانِ چنیں مرد　　کہ دیدم در کمندش مہر و مہ را
(ارمغانِ حجاز، فارسی، ۶۹)

قلندر میلِ تقریرے ندارد　　بجز ایں نکتہ اکسیرے ندارد
ازاں کشتِ خرابے حاصلے نیست　　کہ آب از خونِ شبیرؑ ے ندارد!
(//،۱۳۶)

شعری وفنی اعتبار سے بھی یہ دوبیتیاں کلامِ اقبال میں دیگر اصناف کی طرح نہایت منفرد

انداز میں جلوہ گر ہوئی ہیں۔ یہ درست ہے کہ ان میں بھی وہی محسناتِ شعری ہیں جو دیگر ہیئتوں اور اصناف میں جاری و ساری ہیں مگر یہاں اقبال کا طرزِ اظہار جداگانہ لذت دیتا ہے۔ شعریت، روانی اور تسلسل ان دوبیتیوں کا خاصہ ہے۔ اقبال نے ان دوبیتیوں میں اپنے فلسفۂ زیست کی مختلف جہتوں کی امکانی سطحیں دریافت کر کے انھیں متنوع شعری پیرہن میں ڈھالنے کی سعی کی ہے۔ امیجری، تضاد و تقابل، تکرار لفظی، تشبیہ و استعارہ، تلمیح اور علامت و کنایہ اور دیگر صناعانہ خوبیوں کے ہم آہنگ ترنم و موسیقیت، بلاغت و جامعیت اور موثر لفظی در و بست نے ان کے ہاں دقیق سے دقیق فلسفے کی پیش کش نہایت سہولت کے ساتھ کی ہے اور ہر موقعے پر ان کا انداز بیان وارداتِ قلبی اور شدتِ احساس سے سرتا سر لبریز ہے۔ بالخصوص حرکی تمثالوں کی تخلیق ان کے متحرک فلسفۂ زیست کی آئینہ داری کرتی ہے اور ان کے کلام کو گہرائی و گیرائی بخش دیتی ہے۔ بعض استعارے، علامتیں اور تمثیلیں بہت قوی اور جاندار ہیں اور ان سے اقبال کے کلام میں مجرد تصورات کی تجسیم پر تاثیر انداز میں ہونے کے ساتھ ساتھ تاریخی تسلسل اور عصری شعور کی عکاسی بطریق احسن ہو پائی ہے۔ مزید یہ کہ ان دوبیتیوں میں مختلف شعری لہجوں کی علاوتیں محسوس کی جا سکتی ہیں۔ چنانچہ جہاں خود کلامی کا لہجہ علامہ کی ذاتی کشمکش کو آئینہ کرتا ہے، وہاں طنزیہ اور خطابیہ لہجے تفکر و تدبر کی دعوت دینے اور قلوب و اذہان کو جھنجھوڑنے کی صلاحیت سے متصف دکھائی دیتے ہیں۔ ان دوبیتیوں میں اقبال نے کرداری اور ڈرامائی رنگ سے بھی نادرہ کاری کی ہے اور ان تمام محسناتِ شعری کی پیش کش میں ان کے لفظی شکوہ، تراکیب کی چستی، اصوات کے جادو اور مختلف شعری تلازمات نے اہم کردار ادا کر کے ان دوبیتیوں کو کلامِ اقبال کا ایک قابلِ ستائش حصہ بنا دیا ہے۔

حوالے اور حواشی:

۱۔ اقبال نے یہ رباعی 'انجمن حمایت اسلام' کے سالانہ جلسے (یکم تا ۳ اپریل ۱۹۰۳ء) کے دوسرے اجلاس میں پڑھی۔ اقبال اور انجمن حمایتِ اسلام میں اس ضمن میں لکھا ہے کہ:

''مولانا حالی کی نظم سنانے کے لیے شیخ محمد اقبال اسٹیج پر تشریف لائے تو نظم سنانے سے پہلے ایک فی البدیہہ رباعی نہایت خوش الحانی سے سامعین کے سامنے پیش کی، جسے سنتے ہی سب لوگ پھڑک اٹھے، کیونکہ موقع کی چیز تھی اور نہایت ہی ادیبانہ طرز کے ساتھ کہی گئی تھی.....''

ملاحظہ کیجیے کتاب مذکور، از محمد حنیف شاہد، لاہور: کتب خانہ انجمن حمایت اسلام، جولائی ۱۹۷۶ء، ص ۸۱

نیز دیکھیے:

ابتدائی کلام اقبال__ بہ ترتیب ماہ و سال ڈاکٹر گیان چند، کراچی: شائستہ پبلشنگ ہاؤس، ۱۹۸۸ء، ص ۲۴۷

۲۔ ''یہ رباعی سب سے پہلے زمانہ، کانپور بابت جون ۱۹۰۵ء میں شائع ہوئی جہاں سے لے کر اسے تبرکات اقبال میں شامل کیا گیا، حیرت ہے کہ باقیات کے کسی اور مجموعے میں نہیں۔''

(ابتدائی کلام اقبال۔ بہ ترتیب ماہ و سال، ص ۲۸۲)

نیز مطالعہ کیجیے۔ تبرکاتِ اقبال: بشیر الحق دیسنوی، دہلی: کوہ نور پریس، اپریل ۱۹۵۹ء، ص ۳۰

۳۔ باقیاتِ اقبال، (مرتبہ) محمد عبداللہ قریشی و عبدالواحد معینی، لاہور: آئینۂ ادب طبع سوم ۱۹۷۸ء، ص ۴۰۷

۴۔ اس رباعی کے حوالے سے گیان چند جین نے اپنے مضمون 'اقبال کی رباعیاں' میں لکھا ہے کہ پہلی بار یہ رباعی رسالہ شگوفہ حیدرآباد (دکن) کے اقبال نمبر، اپریل ۱۹۸۶ء، (ص ۵۶) کے ایک مضمون میں شامل کی گئی اور اس کے متعلق اس رسالے میں درج ہے کہ علامہ نے یہ سر آغا خان کی صدارت میں برکت علی محمڈن ہال میں منعقدہ جلسے میں پڑھی۔ ملاحظہ کیجیے مضمون مذکور مشمولہ اقبال شناسی اور نیرنگِ خیال (مرتبہ) طاہر تونسوی، لاہور: بزمِ اقبال ۱۹۹۳ء، ص ۷۸

۵۔ یہاں یہ شعر پارے ابتدائی کلام اقبال__ بہ ترتیب ماہ و سال سے نقل کیے گئے ہیں (ص: ۴۹، ۵۰)

۶۔ جیسا کہ باقیات اقبال (طبع دوم، ص: ۳۲، ۳۳) میں ان اشعار کو 'رباعیات' کے زیرِ عنوان پیش کیا گیا ہے اور ڈاکٹر صدیق جاوید نے بھی بال جبریل کا تنقیدی مطالعہ (مطبوعہ یونیورسل بکس ۱۹۸۷ء، ص: ۲۲۱ تا ۲۲۴) میں انھیں 'رباعیات' ہی کی ذیل میں رکھا ہے۔ جبکہ بعض محققین نے اس کی نفی کی، مثلاً ڈاکٹر محمد عبداللہ قریشی نے اپنی کتاب حیاتِ اقبال کی گمشدہ کڑیاں (مطبوعہ بزمِ اقبال ۱۹۸۲ء، ص: ۱۳۹ تا ۱۴۱) میں اور ڈاکٹر گیان چند جین نے ابتدائی کلام اقبال__ بہ ترتیب ماہ و سال (محولہ بالا، ص: ۴۹، ۵۰) میں انھیں رباعی کے وزن میں نہ ہونے کے باعث 'قطعات' قرار دیا ہے۔

۷۔ بانگِ درا مشمولہ کلیاتِ اقبال(اردو)، لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز ۱۹۷۲ء، ص ۲۸۳

۸۔ پیام مشرق مشمولہ کلیاتِ اقبال(فارسی)، لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز، طبع ششم ۱۹۹۰ء، ص ۲۱۹

۹۔ عابد علی عابد، سید: 'اقبال کے کلام میں رباعی کی اہمیت' (مضمون) مشمولہ نقاشِ اقبال لاہور: اقبال اکادمی پاکستان، طبع اول ۱۹۹۰ء، ص ۱۳۹

۱۰۔ عابد علی عابد، سید: 'باباطاہر عریاں اور اقبال' (مضمون) مشمولہ نقاشِ اقبال، ص ۱۴۳

۱۱۔ عابد علی عابد، سید: اصولِ انتقاد ادبیات، لاہور: مجلس ترقی ادب، طبع دوم ۱۹۶۶ء، ص ۴۵۳،۴۵۲

۱۲۔ محمد ریاض، ڈاکٹر: اقبال اور فارسی شعرا، لاہور: اقبال اکادمی پاکستان، طبع اول ۱۹۷۷ء، ص ۴۲

۱۳۔ عبدالشکور احسن، ڈاکٹر: اقبال کی فارسی شاعری کا تنقیدی جائزہ، لاہور: اقبال اکادمی پاکستان، طبع دوم ۲۰۰۰ء، ص ۴۴۴

۱۴۔ مکتوب بہ نام مولانا گرامی (۱۹ جولائی ۱۹۲۰ء) مشمولہ کلیاتِ مکاتیب اقبال (مرتبہ) مظفر حسین برنی لاہور: ترتیب پبلشرز، س ن، ج ۲، ص ۱۳۵

۱۵۔ مکتوب بہ نام مولوی نورالاسلام (۲ ستمبر ۱۹۲۰ء) مشمولہ کلیات مکاتیب اقبال، ج ۲، ص ۱۳۸

۱۶۔ مکتوب بہ نام وحید احمد مسعود بدایونی (۷ ستمبر ۱۹۲۱ء) مشمولہ محولہ بالا، ص ۱۹۴

۱۷۔ مکتوب بہ نام مولانا گرامی (۲۸ نومبر ۱۹۲۲ء)، ایضاً، ص ۳۰۱

۱۸۔ مارچ ۱۹۲۴ء میں پیام مشرق کی دوسری اشاعت کے موقعے پر اقبال کا نوٹ، مشمولہ تصانیفِ اقبال کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ از ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، لاہور: اقبال اکادمی پاکستان، طبع دوم ۲۰۰۱ء، ص ۱۳۶

۱۹۔ مکتوب بہ نام ڈاکٹر ہادی حسن (۲ فروری ۱۹۲۴ء) مشمولہ کلیاتِ مکاتیبِ اقبال ج ۲، ص ۴۷۸

۲۰۔ دوسری گول میز کانفرنس کے دوران انقلاب میں ۲۲ نومبر ۱۹۳۱ء کو چھپنے والی گفتگو سے اقتباس مشمولہ گفتارِ اقبال از محمد رفیق افضل، لاہور: ادارہ تحقیقات پاکستان، دانشگاہ پنجاب، طبع اول جنوری ۱۹۶۹ء، ص ۲۴۴

۲۱۔ مکتوب بہ نام صوفی غلام محی الدین (۲ مئی ۱۹۳۳ء) مشمولہ اقبال نامہ از شیخ عطاء اللہ، ج ۱، ص ۳۰۴

۲۲۔ مکتوب بہ نام صوفی غلام محی الدین (۲۴ مئی ۱۹۳۲ء) ایضاً

۲۳۔ مکتوب بہ نام صوفی غلام محی الدین (۵ جون ۱۹۳۲ء) ، ایضاً ص ۳۰۲

۲۴۔ رفیع الدین ہاشمی، ڈاکٹر: غیر مطبوعہ رقعات بنام پرویز رقم (مضمون) مشمولہ اقبالیات: تفہیم و تجزیہ، لاہور: اقبال اکادمی پاکستان، ۲۰۰۲ء، ص ۲۲۲

۲۵۔ مکتوب بہ نام محمد رمضان (۱۹ فروری ۱۹۳۷ء) مشمولہ اقبالنامہ ج ۱، ص ۳۳۸۔ یاد رہے کہ یہ بحر ہزج کے بجائے بحر رمل مسدس مقصور/محذوف (فاعلاتن فاعلاتن فاعلات/فاعلن) میں ہے مگر اسے بھی علامہ نے رباعی قرار دیا ہے۔ رباعی یہ ہے:

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر
روز محشر عذر ہائے من پذیر
ور اگر بینی حسابم ناگزیر
از نگاہ مصطفیٰ پنہاں بگیر

۲۶۔ مکتوب بہ نام ممنون حسن خان (۱۷ اگست ۱۹۳۷ء) ، ایضاً ص ۳۲۹

۲۷۔ عندلیب شادانی: تحقیقات، بریلی: جلیل اکیڈمی، طبع اول ۱۳۵۰ھ، ص ۳۲۲، ۳۲۳

۲۸۔ شیرانی، حافظ محمود: 'رباعی کے اوزان یاد رکھنے کا ایک آسان طریقہ' (مضمون) مشمولہ اورینٹل کالج میگزین (حصہ اول) مطبوعہ پنجاب یونیورسٹی، فروری ۱۹۳۰ء، ج ۱۶، ص ۱۱۶

۲۹۔ فرمان فتح پوری، ڈاکٹر: 'کچھ تحقیقات کے بارے میں' (مضمون) مشمولہ تحقیق و تنقید، کراچی: ماڈرن پبلشرز، طبع اول ۱۹۶۳ء، ص ۱۹۹

۳۰۔ مثلاً سید عابد علی عابد 'بابا طاہر عریاں اور اقبال' (مشمولہ نفائس اقبال، ص ۱۳۳) میں ان اشعار کو ایک دوسرے وزن کی رباعیاں کہتے ہیں۔

۳۱۔ یہ موقف ڈاکٹر تاراچرن رستوگی کا ہے، وہ لکھتے ہیں:

"...... فارسی اور سنسکرت کیونکہ لسانی اعتبار سے ایک خاندان سے متعلق ہیں لہٰذا میں نے ژند اوستا کے عروض کا مطالعہ کیا۔ ژند اوستا کے بے شمار بستے (سکرت) 'روپا چند' میں ملے۔ قیاس یہ ہے کہ غلبہ اسلام کے بعد روپا چند میں لکھے جانے والا شلوک روپائی تھا۔ پ ب ہم مخرج ہیں۔ روپائی سے روبائی ہوگیا، جس کی شکل معرب ہو کر عربی املا میں رباعی ہوگئی یعنی 'ی' مل کر 'ع' ہوگئی ...... میرا خیال ہے کہ بالِ جبریل کی رباعیاں اسی آگہی کے تحت کہی گئی ہوں گی......"

دیکھیے: 'اقبال کی اُردو نظم وغزل ورباعی' (مضمون) مشمولہ اقبال اور اردو نظم (مرتبہ) آل احمد سرور، سری نگر: اقبال انسٹی ٹیوٹ کشمیر یونیورسٹی، طبع اول ۱۹۸۶ء، ص ۱۱۸، ۱۱۹

۳۲۔ گیان چند، ڈاکٹر: 'اقبال کی رباعیاں' (مضمون) مشمولہ اقبال شناسی اور نیرنگِ خیال، (مرتبہ) طاہر تونسوی، ص ۷۵

۳۳۔ فرمان فتح پوری: اُردو رباعی، کراچی: مکتبہ سنگِ میل، ۱۹۶۲ء، ص ۵۱، ۵۲

۳۴۔ عبدالسلام ندوی، مولانا: اقبالِ کامل، لاہور: عشرت پبلشنگ ہاؤس، طبع اول ۱۹۸۸ء، ص ۱۵۲

۳۵۔ خواجہ محمد زکریا، ڈاکٹر: اقبالیات چند نئی جہات، لاہور: خزینہ علم وادب، ۲۰۰۱ء، ص ۱۰۰

۳۶۔ عندلیب شادانی: تحقیقات، ص ۳۲۷، ۳۲۸

۳۷۔ دیکھیے تحقیق و تنقید از فرمان فتح پوری میں مضمون: 'کیا کیا خضر نے سکندر سے' (ص ۲۲۳ تا ۲۳۳) اور تحقیق کی روشنی میں از عندلیب شادانی میں شامل مضمون: 'خضر کیونکر بتائے کیا بتائے' (ص ۳۶۵ تا ۳۹۲)، کراچی: شیخ غلام علی اینڈ سنز طبع اول ۱۹۶۳ء

۳۸۔ تحقیق و تنقید (از فرمان فتح پوری)، ص ۱۹۳ تا ۱۹۹

۳۹۔ جابر علی سید: اقبال ــ ایک مطالعہ، لاہور: بزمِ اقبال، طبع اول ۱۹۸۵ء، ص ۱۱۸، ۱۱۹

۴۰۔ مکتوب بہ نام ڈاکٹر محمد عباس علی خاں لمعہ، (بہ تاریخ ۱۰ اپریل ۱۹۳۴) مشمولہ اقبال نامہ (مرتبہ) شیخ عطاءاللہ، حصہ دوم، لاہور: شیخ محمد اشرف پرنٹرز، س ن، ص ۲۸۰

۴۱۔ جیسا کہ ابوالاعجاز حفیظ صدیقی نے اپنی کتاب میں اقبال کی بحور و اوزان پر مہارتِ فن کا مفصل جائزہ پیش کیا ہے، ملاحظہ کیجیے، اوزانِ اقبال، لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز، ۱۹۸۲ء

۴۲۔ 'بحروں میں تجربات اور اقبال' (مضمون) مشمولہ اقبال شناسی اور افشاں (مرتبہ) بیدار ملک، لاہور: بزمِ اقبال، طبع اول ۱۹۸۸ء، ص ۱۵۷

۴۳۔ بحوالہ اطراف (از ڈاکٹر خورشید رضوی)، لاہور: اُردو اکیڈمی پاکستان ۲۰۰۳ء، ص ۱۳۱

۴۴۔ مکتوب بہ نام اکبر الہ آبادی مشمولہ کلیات مکاتیبِ اقبال (مرتبہ) سید مظفر حسین برنی، لاہور: ترتیب پبلشرز ۱۹۸۹ء، ج ۱، ص ۳۶۲

۴۵۔ اقبال نے اوزان و بحور کے ذریعے جس طرح دلکش اور مترنم آہنگ تشکیل دیا ہے اس کی توضیح سید وقار عظیم [مضمون: 'اقبال کی پسندیدہ بحریں، مشمولہ اقبال، شاعر اور فلسفی، لاہور: ادارہ تصنیفات ۱۹۶۷ء]، گیان چند جین [مضامین: 'اقبال کی مہارتِ عروض مشمولہ چشمۂ آفتاب

(مرتبہ) مصلح الدین سعدی، انڈیا: اقبال اکیڈمی حیدرآباد، طبع اول ۱۹۸۲ء اور 'اقبال کے اردو کلام کا عروضی مطالعہ' مشمولہ اقبال آئینہ خانے میں، (مرتبہ) آفاق احمد، بھوپال: مدھیہ پردیش اردو اکیڈمی ۱۹۷۹ء اور شمس الرحمٰن فاروقی [مضمون: 'اقبال کا عروضی نظام' مشمولہ اقبال شناسی اور اوراق (مرتبہ) ڈاکٹر انور سدید، لاہور: بزم اقبال ۱۹۸۹ء] نے نہایت عمدگی سے کی ہے اور شعری مثالوں کے ساتھ یہ نقطۂ نظر پیش کیا ہے کہ اقبال وزن کو آہنگ و نغمگی کے لیے مستعار لیتے تھے اور بحروں کو برتنے کے طریقے ایسے اپناتے تھے کہ ان کا کلام خوش آہنگ معلوم ہوتا تھا۔

۴۶۔ مجنوں گورکھپوری: 'اقبال' (مضمون) مشمولہ اقبال بحیثیت شاعر، لاہور: مجلس ترقی ادب، طبع اول ۱۹۷۷ء، ص ۷۴

۴۷۔ عنوان چشتی، ڈاکٹر: معنویت کی تلاش، مظفر نگر (یو پی): رنگ محل پبلی کیشنز ۱۹۸۳ء، ص ۸۱

۴۸۔ اقبال اور فارسی شعرا (از ڈاکٹر محمد ریاض) ص ۴۳،۴۲

۴۹۔ کلیاتِ اقبال (اردو)، لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز، ۱۹۷۲ء

۵۰۔ کلیاتِ اقبال (فارسی)، لاہور: شیخ غلام علی اینڈ سنز، طبع ششم ۱۹۹۰ء

☆

۳۔ مقائسۂ ارمغانِ حجاز، فارسی
(بیاض اور مطبوعہ نسخوں کا تقابلی مطالعہ)

شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے ہاں فکرِ عمیق کی پیش کش اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں نہایت پُر تاثیر اسلوب میں ہوئی ہے۔ خاص طور پر فارسی زبان میں علامہ نے غیر معمولی ذہانت و فطانت کا اظہار کیا ہے اور اسے اسرارِ خودی (۱۹۱۵ء)، رموزِ بے خودی (۱۹۱۸ء)، پیامِ مشرق (۱۹۲۳ء)، زبورِ عجم (۱۹۲۷ء)، جاوید نامہ (۱۹۳۲ء)، پس چہ باید کرد اے اقوام شرق مع مسافر (۱۹۳۶ء) اور ارمغانِ حجاز جیسی بے مثال شعری کتب سے نواز کر اعتبار اور وقار بخشا ہے۔ اقبال نے اس زبان شیریں کو اس قدر روانی و بے ساختگی سے وسیلۂ اظہار بنایا کہ ان کے اس گراں بہا شعری سرمائے کو بلا خوفِ تردید گزشتہ صدی کا وہ اعجاز قرار دیا جا سکتا ہے جس کی نظیر ملنا محال ہے۔ اقبال کے تمام فارسی مجموعے اس شاعرِ یگانہ کی عظمتِ فکر و نظر کے عکاس ہیں۔ ارمغانِ حجاز آخری مجموعۂ کلام ہے جس کی علتِ تخلیق علامہ کی سفرِ حجاز کی آرزو ہے، جو آخری عمر میں شدت پکڑ چکی تھی اور وہ ہر لحظہ زیارتِ مقاماتِ مقدسہ سے مشرف ہونے کی تمنا کا اظہار کرتے۔ روایت ہے کہ اقبال کی آنکھیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے اکثر بھیگ جاتیں۔ علالت کے سبب اگرچہ ان کی سفرِ حجاز کی آرزو تشنہ رہی تاہم عالمِ تخیل میں یہ خواہش ضرور پوری ہوئی اور انھوں نے سفرِ حجاز کے تاثرات بزبانِ شعر رقم کیے جو اُن کے قلبی واردات کی بھرپور آئینہ داری کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اقبال نے اپنے اس مجموعۂ کلام کو ارمغانِ حجاز کا نام دیا۔

ارمغان حجاز (فارسی) بنیادی طور پر لُری زبان کے معروف شاعر بابا طاہر عریاں ہمدانی کے تتبع میں لکھی گئی دوبیتیوں پر مشتمل ہے جنھیں اقبال نے اس درویش صفت شاعر ہی کی تقلید میں 'رباعیات' قرار دیا۔ جیسا کہ اس سے قبل کے مضامین میں تفصیلی ذکر ہوا کہ یہ رباعی کے وزن میں

نہیں اور اصطلاحاً انھیں دوبیتیاں یا ترانے یا قدیم معنوں میں فہلویات' کہا جا سکتا ہے جب کہ شعروادب میں رباعی قدرے دقیق صنفِ سخن ہے جس کے لیے بحر ہزج مثمن سالم اخرب واخرم مخصوص ہے۔ البتہ اس کا معروف وزن 'لاحول ولاقوۃ الاباللہ' (مفعول مفاعیل مفاعیلن فاع/فع) بتایا جاتا ہے۔ کلاسیکی شعری سرمائے پر نظر دوڑائیں تو عام طور پر تصوف، فلسفہ، عشق اور اخلاق اس صنف کے بنیادی موضوعات قرار پاتے ہیں۔ نیز صوری اعتبار سے داخلی ہیئت کی رو سے رباعی قافیہ وردیف کا ایک خاص نظام بھی رکھتی ہے۔ اقبال کے ہاں اس کے برعکس بابا طاہر کی تقلید میں بحر ہزج مسدس محذوف یا مقصور (مفاعیلن مفاعیلن فعولن/ مفاعیل) کی طرف توجہ دکھائی دیتی ہے اور رباعی کے وزن اور موضوعاتی دائرے کا التزام نہیں ملتا لہٰذا انھیں رباعیات کے بجائے دوبیتیاں کہنا زیادہ بہتر ہے۔ البتہ اس سے یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ اقبال کو اس صنف کے تقاضوں کا خیال نہ تھا یا یہ کہ وہ رباعی کا وزن نہ جانتے تھے، اصل بات یہ ہے کہ انھوں نے ارادتاً بابا طاہر کے رنگ میں دوبیتیاں کہیں، جنھیں مروج نام اور روایت کے تتبع میں 'رباعیاں' ہی کہہ دیا۔ پھر یہ کہنے میں کوئی باک نہیں کہ بڑا شاعر قوانین وقواعد کا اسیر بھی نہیں ہوتا بلکہ شعری اصول وضوابط اس کے پابند ہوتے ہیں۔ اقبال ایسے ہی شاعر تھے اور اپنے اسی منفرد انداز واسلوب کے باعث 'سبکِ اقبال' کے خالق کہلائے۔

ارمغانِ حجاز ـــــ اقبال کی وفات کے بعد چودھری محمد حسین کی کاوشوں سے ۱۸ نومبر ۱۹۳۸ء کو شیخ محمد اشرف پرنٹرز، لاہور سے شائع ہوئی۔ یہ مجموعہ اردو اور فارسی دو زبانوں پر مشتمل ہے تاہم فارسی کلام زیادہ ہے۔ ارمغانِ حجاز کا فارسی حصہ دوبیتیوں پر مبنی ہے اور 'حضورِ حق'، 'حضورِ رسالت'، 'حضورِ ملت'، 'حضورِ عالمِ انسانی' اور 'بہ یارانِ طریق' کے زیرِ عنوان پانچ اجزا کی صورت میں مرقوم ہے۔ 'حضورِ حق' ۱۱ حصوں پر مشتمل ہے اور اس حصے میں شاعر خدا کے حضور اُمتِ مسلمہ کی حالتِ زار بیان کرتا ہے۔ 'حضورِ رسالت' ۱۳ اجزا پر مبنی ہے اور یہاں شاعر جذبۂ عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سرشار ہے اور عالمِ تخیل میں اُن کے سامنے اپنی اور اپنی ملت کا حال پیش کرتا ہے۔ 'حضورِ ملت' کے ۱۸ حصے ہیں اور ہر ایک پر اقبال نے ذیلی عنوان کا اہتمام کیا ہے، جو کچھ یوں ہیں: 'بگیر دل بند و راہِ مصطفےٰ رو'، 'خودی'، 'اناالحق'، 'صوفی و مُلّا'، 'رومی'، 'پیامِ فاروق'، 'شعرائے عرب'، 'اے فرزندِ صحرا'، 'تو چہ دانی کہ دریں گردسوارے باشد'، 'خلافت وملوکیت'، 'ترکِ عثمانی'، 'دخترانِ ملت'، 'عصرِ حاضر'، 'برہمن'، 'تعلیم'، 'تلاشِ رزق'، 'نہنگ باجۂ خویش' اور

'خاتمہ'۔۔۔۔اور ان تمام اجزا میں اقبال نے بڑی مہارت سے ملت کو خود شناسی و خودنگری کا پیغام دیا ہے۔ ارمغانِ حجاز کے چوتھے حصے 'حضورِ عالمِ انسانی' میں ۱۱۳ اجزا ہیں جنھیں سات عناوین 'تمہید'، 'دل'، 'خودی'، 'جبر و اختیار'، 'موت'، 'بگو ابلیس را' اور 'ابلیسِ خاکی و ابلیسِ ناری' کے تحت لکھا گیا ہے۔ ان حصوں میں علامہ ملت کے اندر ایقان و ہیجان برپا کر دینے کے عزم کا اظہار کرتے ہیں۔ آخری حصہ 'بہ یارانِ طریق' کے عنوان سے چھے حصوں میں مرقوم ہے اور یہاں شاعر یارانِ طریق سے شکوہ سنج ہے اور اس خلش کا اظہار کرتا ہے کہ اس کی شاعری کو کوئی نہ سمجھ سکا۔ یوں یہ پانچوں حصے اقبال کے داخلی واردات کے بیان پر نقطۂ انجام کو پہنچتے ہیں۔

ارمغانِ حجاز کی اشاعت چونکہ اقبال کی وفات کے بعد عمل میں آئی لہٰذا یہ مجموعہ توجہ کا متقاضی ہے۔ اقبال کے مکاتیب اور دیگر سوانحی اشارات سے واضح ہے کہ وہ اپنے ہر مجموعے کو نہایت اہتمام سے شائع کرایا کرتے تھے۔ یوں تو علامہ اقبال کے تخلیقی سفر کو سمجھنے کے لیے ان کے تمام مجموعوں کی بیاضوں کا مطالعہ ضروری ہے لیکن ارمغان حجاز کی بیاض تحقیقی و تدوینی حوالے سے بھی بہت اہمیت کی حامل ہے۔ ۲۸۰ صفحات پر مبنی اس مجموعے کی ترتیب و تدوین پہلی بار اقبال کی وفات کے بعد چودھری محمد حسین کے زیر اہتمام عمل میں آئی۔ اقبال علالت کے باعث اس کتاب کو وقتِ نظر سے نہ دیکھ سکے، لہٰذا یہ شعری مجموعہ اس انداز سے نہ چھپ سکا جس طرح ان کے اس سے پیشتر کے مجموعے شائع ہوئے تھے۔ پھر عمر کے آخری حصے میں وہ کچھ کلام زبانی بھی تحریر کراتے رہے اور بعض مصرعوں میں اصلاح و ترمیم بھی کروائی۔ ایسے میں ارمغان حجاز کی پہلی اشاعت میں اسقام کا پیدا ہو جانا فطری تھا۔ ۱۹۳۸ء کے بعد بھی یہ مجموعہ مختلف اشاعتی اداروں سے چھپتا رہا لیکن ابتدائی سطح پر پیدا ہو جانے والی اغلاط بدستور موجود ہیں۔ چنانچہ ارمغان حجاز کے متن کی نئی ترتیب و تدوین کے لیے اس کے اہم مطبوعہ نسخوں کا از سرِ نو بیاض سے موازنہ و مقابلہ کیا جانا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں اس کی اولین طباعت اور بعد بعض کی اہم اشاعتوں کے مابین بھی تقابلی مطالعہ ضروری ہے تا کہ اس موازنے کے نتیجے میں ان استفسارات کا جواب تلاش کیا جا سکے جو اس مجموعے کے حوالے سے ذہن میں ابھرتے ہیں، مثلاً یہ سوال کہ اقبال چونکہ بعض اوقات ایک ہی مصرعے میں تین تین یا چار چار بار ترمیم کرتے تھے، ایسی صورت میں کیا یہ اطمینان کرنا ضروری نہیں ہے کہ مطبوعہ صورت میں حتمی یا ترمیمی اشکال ہی چھپی ہیں؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ سہواً ابتدائی یا اولین متن ہی چھپ گیا جس کے نتیجے میں بعض نہایت اہم مصرعے اصلی و

حقیقی صورت میں شائع ہونے سے رہ گئے ہیں؟ یا پھر یہ کہ کیا اقبال کی تمام منتخب کردہ دوبیتیاں ہی چھپیں، یہ تو نہیں ہوا کہ بعض دوبیتیاں متروک ہونے کے باوجود شاملِ اشاعت ہوئیں اور بعض مستر د نہ ہونے کے باوجود ارمغانِ حجاز کا حصہ نہ بنیں؟ ـــــ یہ سراغ لگانا بھی ضروری ہے کہ کیا تمام مطبوعہ شعری مواد بیاض میں موجود ہے یا مسودے کا کچھ حصہ ضائع ہو گیا؟ (یا وہ زبانی تحریر کرایا گیا یا پھر یہ کہ وہ بیاض کے بجائے منتشر اوراق پر رقم ہوا تھا؟) کیا ارمغانِ حجاز کے مرتب و مدون نے علامہ کی بہم پہنچائی گئی تمام اصلاحات اور حواشی کو مقدم رکھا یا پھر کچھ کلام اور حاشیے اصلی تصحیح شدہ صورت میں طبع ہونے سے رہ گئے؟ ـــــ یہ اور اس طرح کے سوالات کو پیشِ نظر رکھ کر زیرِ تحریر حصے میں اقبال کے صرف فارسی کلام کے حوالے سے (جو علامہ کی بے مثل دوبیتیوں پر مشتمل ہے) ارمغانِ حجاز کے مستند متن کو یکجا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے اس مجموعے کی تین اہم اشاعتوں یعنی ارمغانِ حجاز طبع اول (مطبوعہ شیخ اشرف پرنٹرز نومبر ۱۹۳۸ء)، ارمغانِ حجاز (مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز طبع ششم ۱۹۹۰ء) اور ارمغانِ حجاز (مطبوعہ اقبال اکادمی پاکستان ۱۹۹۰ء) کا نہ صرف بیاض سے موازنہ کیا گیا ہے بلکہ تینوں منتخب مطبوعہ نسخوں کا باہمی تقابلی مطالعہ بھی پیش ہوا ہے۔ یاد رہے کہ اس مقابلے میں ایسی دوبیتیوں کی خصوصی طور پر نشاندہی کی گئی ہے جن میں یا تو بیاض سے واضح طور پر فرق دکھائی دیتا ہے یا پھر وہ اس میں موجود ہی نہیں ہیں اور جن کے بارے میں قیاس کہتا ہے کہ علامہ نے انھیں زبانی تحریر کروا دیا ہوگا یا یہ کہ وہ اس بیاض سے ہٹ کر منتشر اوراق کی صورت میں مرتب کو دی گئی ہوں گی اور یوں بیاض میں شامل نہیں ہو سکیں۔

ارمغانِ حجاز کی دوبیتیوں کے بیاض اور معروف مطبوعہ نسخوں سے تقابلی مطالعے کو پیش کرتے ہوئے اولین طبع شدہ کلام (نومبر ۱۹۳۸ء) کو بطور بنیادی متن کے اختیار کیا گیا ہے لہٰذا پیش کردہ دوبیتیوں کے ساتھ اس کے صفحات نمبر درج ہیں جبکہ بیاض اور متذکرہ تینوں چھاپی نسخوں کے موازنے کے نتیجے میں اختلافِ متن پر مبنی جو اشارات و نکات سامنے آئے ہیں، انھیں ارمغانِ حجاز کے ہر حصے کی دوبیتیوں کے آخر میں حواشی کی صورت میں درج کیا گیا ہے۔ حواشی لکھتے ہوئے بعض مختصرات بھی اپنائے گئے ہیں جن میں (الف): اقبال کے لیے (خاص طور پر ارمغانِ حجاز، طبع اول میں اقبال کے مرقوم حاشیوں کی طرف اشارہ کرنے کے لیے) استعمال ہوا ہے، بیاض: ارمغانِ حجاز کے مسودے کے لیے، طبع اول: ارمغانِ حجاز شیخ اشرف پرنٹرز کے

لیے نسخۂ غلام علی، شیخ غلام علی اینڈ سنز سے شائع شدہ کلام کے لیے اور اقبال اکادمی کی اشاعت کے لیے نسخۂ اکادمی کا مختصر اشارہ اختیار کیا گیا ہے۔ یہ تقابلی مطالعہ پیش کرتے ہوئے بیاض میں مندرج دوبیتیوں کے سارے صفحات نمبر حواشی میں دیے گئے ہیں تاکہ وہاں ان کی موجودگی ظاہر ہو سکے۔ مطبوعہ نسخوں میں سے صرف طبع اول کے صفحات نمبر متن کے ساتھ نقل ہیں کہ یہاں یہ بنیادی نسخے کے طور پر برتا گیا ہے جبکہ دوسرے دو نسخوں کی صرف ان دوبیتیوں کے صفحہ نمبر دیے گئے ہیں جو بیاض اور طبع اول سے مختلف ہیں۔ اس طریق کار کو برتتے ہوئے ذیل میں بیاض اور متذکرہ تین اہم نسخوں کا موازنہ ومقائسہ توضیحی حواشی کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے:۔

حضورِ حق

خوش آں راہی کہ سامانے نگیرد دلِ او پند یاراں کم پذیرد

بہ آہے سوز ناکش سینہ بکشاے ز یک آہش غمِ صد سالہ میرد

(ص ۱)

حضورِ حق

۱

دلِ ما بیدلاں بردند و رفتند
مثالِ شعلہ افسردند و رفتند
بیا یک لحظہ با عاماں در آمیز
کہ خاصاں بادہ ہا خوردند و رفتند!۲

(ص ۳)
○

سخن ہا رفت از بود و نبودم
من از خجلت لبِ خود کم کشودم
سجودِ زندہ مرداں می شناسی
عیارِ کارِ من گیر از سجودم!۳

(ص ۴)
○

دلِ من در کشادِ چون و چند است
نگاہش از مہ و پرویں بلند است
بدہ ویرانۂ در دوزخ او را
کہ ایں کافر بے خلوت پسند است!۴

(ص ۔ر)
○

چہ شور است ایں کہ در آب و گلِ افتاد
ز یک دل عشق را صد مشکل افتاد
قرارِ یک نفس بر من حرام است
بمن رحمے کہ کارم با دل افتاد!۵

(ص ۵)
○

جہاں از خود بروں آوردۂ کیست؟
جمالش جلوۂ بے پردۂ کیست؟
مرا گوئی کہ از شیطاں حذر کن
بگو با من کہ او پروردۂ کیست؟۶

(ص ۔ر)

۲

دلِ بے قیدِ من در پیچ و تابیست
نصیبِ من عتابے یا خطابیست
دلِ ابلیس ہم نتوانم آزرد
گناہِ گاہ گاہِ من صوابیست ے

(ص ۶)
○

صَبَنْتِ الکاسَ عنّا امَّ عَمْرٍو — وکانَ الکاسُ مَجراها الیمینا
اگر این است رسمِ دوستداری — بدیوارِ حرم زن جام و مینا[8]
(ص۶)

○

بخود پیچیدگاں در دل اسیرند — ہمہ درد اند و درماں نا پذیرند
بجو از ما چہ میخواہی کہ شاہاں — خراجے از دہ ویراں نہ گیرند[9]
(ص۷)

○

روم راہے کہ او را منزلے نیست — ازاں تخمے کہ ریزم حاصلے نیست
من از غم ہا نمی ترسم و لیکن — مدہ آں غم کہ شایانِ دلے نیست[10]
(ص۷)

○

مے من از تنک جاماں نگہ دار — شرابِ پختہ از خاماں نگہ دار
شرر از نیستانے دور تر بہ — بخاصاں بخش و از عاماں نگہ دار[11]
(ص۸)

○

ترا ایں کشمکش اندر طلب نیست — ترا ایں درد و داغ و تاب و تب نیست
ازاں از لامکاں بگریختم من — کہ آں جا نالہ ہائے نیم شب نیست[12]
(ص۸)

○

ز من ہنگامۂ دہ ایں جہاں را — دگرگوں کن زمین و آسماں را
ز خاکِ ما دگر آدم بر انگیز — بکُش ایں بندۂ سود و زیاں را[13]
(ص۹)

○

جہانے تیرہ تر با آفتابے — صوابِ او سراپا ناصوابے
ندانم تا کجا ویرانہ را — دہی از خونِ آدم رنگ و آبے[14]
(ص۹)

○

غلامم جز رضائے تو نجویم — جز آں راہے کہ فرمودی نہ پویم
ولیکن گر بہ ایں ناداں بگوئی — خرے را اسپِ تازی گو، نہ گویم[15]
(ص۱۰)

۳

دلے در سینہ دارم بے سرورے
نہ سوزے در کفِ خاکم نہ نورے
بگیر از من کہ بر من بار دوش است
ثوابِ ایں نمازِ بے حضورے! ۱۶
(ص۱۰)

○

چہ گویم قصۂ دین و وطن را
کہ نتواں فاش گفتن ایں سخن را
مرنج از من کہ از بے مہریٔ تو
بنا کردم ہماں دیرِ کہن را ۱۷
(ص۱۱)

○

مسلمانے کہ در بندِ فرنگ است
دلش در دستِ او آساں نیاید
ز سیمائے کہ سودم بر درِ غیر
سجودے بوذرؓ و سلماںؓ نیاید ۱۸
(ص۱۱)

○

نخواہم ایں جہان و آں جہاں را
مرا ایں بس کہ دانم رمزِ جاں را
سجودے دہ کہ از سوز و سرورش
بوجد آرم زمین و آسماں را ۱۹
(ص۱۲)

○

چہ میخواہی ازیں مردِ تن آسانے
بہر بادے کہ آمد رفتم از جائے
سحر جاوید را در سجدہ دیدم
بہ صبحش چہرۂ شامم بیارائے ۲۰
(ص۱۲)

۴

بہ آں قوم از تو می خواہم کشادے
فقیہش بے یقینے، کم سوادے
بسے نادیدنی را دیدہ ام من
مرا اے کاشکے مادر نہ زادے ۲۱
(ص۱۳)

○

نگاہِ تو عتاب آلود تا چند
بتانِ حاضر و موجود تا چند
دریں بتخانہ اولادِ براہیم
نمک پروردۂ نمرود تا چند ۲۲
(ص۱۳)

○

سرودِ رفتہ باز آید کہ ناید؟
نسیمے از حجاز آید کہ ناید؟
سر آمد روزگارِ ایں فقیرے
دگر دانائے راز آید کہ ناید؟ ۲۳
(ص۱۴)

○

اگر می آید آں دانائے رازے — بدہ او را نوائے دل گدازے
ضمیرِ امتاں را می کند پاک — کلیمے یا حکیمے نے نوازے ۲۴
(ص ۱۴)

○

متاعِ من دلِ درد آشنائے است — نصیبِ من فغانِ نارسائے است
بخاکِ مرقدِ من لالہ خوشتر — کہ ہم خاموش و ہم خونیں نوائے است ۲۵
(ص ۱۵)

۵

دل از دستِ کسے بردن نداند — غم اندر سینہ پروردن نداند
دمِ خود را دمیدی اندراں خاک — کہ غیر از خوردن و مُردن نداند! ۲۶
(ص ۱۵)

○

دلِ ما از کنارِ ما رمیدہ — بصورت ماندہ و معنی ندیدہ
ز ما آں راندۂ درگاہ خوشتر — حق او را دیدہ و ما را شنیدہ ۲۷
(ص ۱۶)

○

نداند جبرئیل ایں ہاے و ہو را — کہ نشناسد مقامِ جستجو را!
بپرس از بندۂ بیچارۂ خویش — کہ داند نیش و نوشِ آرزو را! ۲۸
(ص ۱۶)

○

شبِ ایں انجمن آراستم من — چو مہ از گردشِ خود کاستم من
حکایت از تغافل ہاے تو رفت — ولیکن از میاں برخاستم من! ۲۹
(ص ۱۷)

○

چنیں دورِ آسماں کم دیدہ باشد — کہ جبریلِ امیں را دل خراشد
چہ خوش دیرے بنا کردند آنجا — پرستد مومن و کافر تراشد ۳۰
(ص ۱۷)

۶

عطا کن شورِ رومیؔ، سوزِ خسروؔ — عطا کن صدق و اخلاصِ سنائیؔ
چناں با بندگی درساختم من — نہ گیرم گر مرا بخشی خدائی! ۳۱
(ص ۱۸)

٧

مسلماں فاقہ مست و ژندہ پوش است
ز کارش جبرئیل اندر خروش است
بیا نقشِ دگر ملّت بریزیم
کہ ایں ملّت جہاں را بارِ دوش است ۳۲؎
(ص ۱۸)

○

دگر ملّت کہ کارے پیش گیرد
دگر ملّت کہ نوش از نیش گیرد
نگردد با یکے عالم رضامند
دو عالم را بہ دوشِ خویش گیرد ۳۳؎
(ص ۱۹)

○

دگر قومے کہ ذکرِ لا الٰہش
بر آرد از دلِ شب صبح گاہش
شناسد منزلش را آفتابے
کہ ریگِ کہکشاں روبد ز راہش ۳۴؎
(ص ۱۹)

٨

جہانِ تست در دستِ خسے چند
کسانِ او بہ بندِ ناکسے چند
ہنرور در میانِ کارگاہاں
کشد خود را بہ عیشِ کرگسے چند ۳۵؎
(ص ۲۰)

○

مریدے فاقہ مستے گفت با شیخ
کہ یزداں را ز حالِ ما خبر نیست
بہ ما نزدیک تر از شہ رگِ ماست
ولیکن از شکم نزدیک تر نیست ۳۶؎
(ص ۲۰)

٩

دگرگوں کشورِ ہندوستان است
دگرگوں آں زمین و آسمان است
مجو از ما نمازِ پنجگانہ
غلاماں را صف آرائی گران است ۳۷؎
(ص ۲۱)

○

ز محکومی مسلماں خود فروش است
گرفتارِ طلسمِ چشم و گوش است
ز محکومی رگاں در تن چناں سست
کہ ما را شرع و آئیں بارِ دوش است ۳۸؎
(ص ۲۱)

۱۰

یکے اندازہ کن سود و زیاں را — چو جنت جاودانی کن جہاں را!
نمی بینی کہ ما خاکی نہاداں — چہ خوش آراستیم ایں خاکداں را![۳]
(ص۴۲)

○

تو می دانی حیاتِ جاوداں چیست — نمی دانی کہ مرگِ ناگہاں چیست!
ز اوقاتِ تو یک دم کم نہ گردد — اگر من جاوداں باشم زیاں چیست؟[۴]
(ص۴۲)

۱۱

بہ پایاں چوں رسد ایں عالمِ پیر — شود بے پردہ ہر پوشیدہ تقدیر
مکن رسوا حضورِ خواجہؐ ما را — حسابِ من ز چشمِ او نہاں گیر![۵]
(ص۴۳)

○

بدن وا ماند و جانم در تگ و پوست — سوئے شہرے کہ بطحا در رہِ اوست
تو باش ایں جا و با خاصاں بیامیز — کہ من دارم ہوائے منزلِ دوست[۶]
(ص۴۳)

حواشی:

۱ نسخۂ اکادمی میں تیسرے مصرعے میں ''آمے'' کے بجائے ''آہ'' درج ہے (ر۔ک) نسخۂ اکادمی، ص: ۷ لیکن بیاض میں یہ فرق دکھائی نہیں دیتا۔ دیکھیے، بیاض، ص: ۳۱

۲ بیاض، ص: ۳۰

۳ یہ دوبیتی بیاض میں مختلف ہے اور صورت کچھ یوں ہے:

کفِ خاکم نگاہِ من بلند است — خیالم در کشادِ چون و چند است
مرا ویرانۂ در دوزخے کش — کہ ایں کافر بے خلوت پسند است

(ر۔ک) بیاض، ص: ۳۶

۴ یہ دوبیتی اقبال اکادمی میں موجود ارمغانِ حجاز کی بیاض میں شامل نہیں ہے۔

۵ ایضاً۔

۶ بیاض، ص: ۲۹

۷ یہ دوبیتی بیاض میں موجود نہیں۔

۸ صبت الکاس......الخ۔ یہ شعر عمرو ابن کلثوم کا ہے جو زمانہ جاہلیت کے شعرا میں سے تھا۔ شاعر اپنی معشوقہ ام عمرو کی ناانصافی کی شکایت کرتے ہوئے کہتا ہے کہ تو نے ہمیں پیالہ شراب سے محروم کر دیا حالانکہ باری دائیں طرف بیٹھنے والوں کی تھی۔ (الف)۔ (ر۔ک) طبع اول، ص:۲۰۔ نسخۂ اکادمی میں اس دوبیتی پر حاشیہ موجود نہیں۔ (ر۔ک)، ص:۲۰۔ لیکن بیاض میں اس پر نہایت مختصر حاشیہ درج ہے، جو یہ ہے: ''شعر عمرا ابن کلثوم'' (سبعہ معلقات) (ر۔ک) بیاض، ص:۳۰

۹ بیاض، ص:۳۲

۱۰ بیاض، ص:۳۳

۱۱ یہ دوبیتی بیاض میں اسی صورت میں موجود ہے تاہم اس کی قلمزد اولین صورت بھی یہاں اسی صفحے پر نظر آتی ہے، جو یہ ہے:

شراب پختہ از خاماں نگہدار بخاصاں بخش و از عاماں نگہدار
مرا اندر جہانِ کور ذوقے ز دستِ ایں تنک جاماں نگہدار!

(ر۔ک) بیاض، ص:۳۴

۱۲ بیاض، ص:۳۴

۱۳ بیاض، ص:۳۸

۱۴ بیاض: جای ندارد

۱۵ بیاض، ص:۴۰

۱۶ بیاض: ندارد

۱۷ بیاض: ندارد

۱۸ یہ دوبیتی بیاض میں موجود نہیں جبکہ نسخۂ اکادمی میں اس دوبیتی کے مصرع چہارم میں ''بجوے'' کے بجائے ''بجوۓ'' مرقوم ہے۔ (ر۔ک) اکادمی، ص۳۲

۱۹ بیاض: ندارد

۲۰ بیاض میں اس دوبیتی کے دوسرے، تیسرے اور چوتھے مصرعوں کی یہ صورت نہیں۔ ممکن ہے کہ علامہ نے زبانی تبدیلی کروا دیے ہوں۔ یہاں منقول مصرعے یوں ہیں:

مع ز ہر بادے چو کاہے رفتم
مع گناہ من کہ بیرون از شمار است
مع بسوز سینۂ رومی بخشائے

(ر۔ک) بیاض، ص:۲۹

۲۱؎ مرا اے کاشکے.....الخ، یہ مصرع سعدی کا ہے (الف)۔(ر۔ک) طبع اول، ص:۱۳، نسخۂ اکادمی میں حاشیہ نہیں دیا گیا۔(ر۔ک) اکادمی، ص:۲۳۔ جبکہ بیاض میں یہ دو بیتی ہی نہیں۔

۲۲؎ بیاض، ص:۴۴

۲۳؎ بیاض: ندارد۔ نسخۂ غلام علی اور نسخۂ اکادمی دونوں میں مصرع اول کے آغاز میں "سرور" کے بجائے "سرود" کے درج ہے۔(ر۔ک) غلام علی، ص:۱۴ و (ر۔ک) اکادمی، ص:۲۳

۲۴؎ بیاض: ندارد

۲۵؎ بیاض: ندارد

۲۶؎ بیاض، ص:۴۰

۲۷؎ بیاض، ص:۴۰

۲۸؎ بیاض، ص:۳۹

۲۹؎ بیاض، ص:۳۹

۳۰؎ بیاض میں مصرع سوم یوں ہے: چہ خوش دیرے بنا کردید آنجا (ر۔ک) بیاض، ص:۴۱

۳۱؎ بیاض، ص:۳۳

۳۲؎ بیاض، ص:۴۳، نسخۂ غلام علی میں تیسرے مصرعے کے آخر میں "بہ ریزیم" کے بجائے "بہ ریزم" مرقوم ہے۔(ر۔ک) غلام علی، ص:۱۵

۳۳؎ بیاض، ص:۴۴

۳۴؎ ایضاً

۳۵؎ بیاض، ص:۴۰

۳۶؎ بیاض، ص:۵۰

۳۷؎ بیاض، ص:۵۱

۳۸؎ ایضاً

۳۹؎ بیاض، ص:۵۶

۴۰؎ ایضاً

۴۱؎ بیاض، ص:۳۸

۴۲؎ بیاض، ص:۲۹

حضورِ رسالتؐ

ادب گاہیست زیرِ آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنیدؒ و بایزیدؒ اینجا!

عزت بخاری
(ص ۴۵)

حضورِ رسالتؐ

۱

"الا یا خیمگی خیمہ فروہل | کہ پیش آہنگ بیروں شد ز منزل"
خرد از راندنِ محمل فروماند | زمامِ خویش دادم در کفِ دل![۲]
(ص ۲۷)

○

نگاہے داشتم بر جوہرِ دل | تپیدم آرمیدم در برِ دل
رمیدم از ہوائے قریہ و شہر | بیادِ دشت وا کردم درِ دل![۳]
(ص ۲۸)

○

نوائم دل شہیدِ جلوۂ کیست | نصیبِ او قرارِ یک نفس نیست
بصحرا بُردمش افسردہ تر گشت | کنارِ آبجوئے زار بگریست[۴]
(ص ۲۸)

○

مپرس از کاروانِ جلوہ مستاں | ز اسبابِ جہاں برکندہ دستاں
بجانِ شاں ز آوازِ جرس شور | چو از موجِ نسیمے در نیستاں![۵]
(ص ۲۹)

○

بایں پیری رہِ یثرب گرفتم | نوا خواں از سرورِ عاشقانہ
چو آں مرغے کہ در صحرا سرِ شام | کشاید پر بہ فکرِ آشیانہ[۶]
(ص ۲۹)

۲

گناہِ عشق و مستی عام کردند | دلیلِ پختگاں را خام کردند
بآہنگِ حجازی می سرایم | نخستیں بادہ کاندر جام کردند[۷]
(ص ۳۰)

○

چه پرسی از مقاماتِ نوایم — ندیماں کم شناسند از کجایم
کشادم رختِ خود را اندریں دشت — که اندر خلوتش تنها سرایم۸
(ص۳۰)

۳

سحر با ناقه گفتم نرم تر رو — که راکب خسته و بیمار و پیر است
قدم مستانه زد چنداں که گوئی — بپایش ریگِ ایں صحرا حریر است!۹
(ص۳۱)

○

مهار اے سارباں او را نشاید — که جانِ او چو جانِ ما بصیر است
من از موجِ خرامش می شناسم — چو من اندر طلسمِ دل اسیر است!۱۰
(ص۳۱)

○

نمِ اشک است در چشمِ سیاهش — دلم سوزد ز آهِ صبحگاهش
هماں مے کو ضمیرم را برافروخت — بپیاپے ریزد از موجِ نگاهش!۱۱
(ص۳۲)

۴

چه خوش صحرا که در وے کارواں ها — درودے خواند و محمل براند
به ریگِ گرمِ او آور سجودے — جبیں را سوز تا داغے بماند!۱۲
(ص۳۲)

○

چه خوش صحرا که شامش صبح خند است — شبش کوتاه و روزِ او بلند است
قدم اے راهرو آهسته تر نه — چو ما هر ذرهٔ او درد مند است!۱۳
(ص۳۳)

۵

امیرِ کارواں! آں اعجمی کیست؟ — سرودِ او بآهنگِ عرب نیست
زند آں نغمه کز سیرابیِ او — خنک دل در بیابانے تواں زیست!۱۴
(ص۳۳)

○

مقامِ عشق و مستی منزلِ اوست　　چہ آتش ہا کہ در آب و گلِ اوست
نوائے او بہ ہر دل سازگار است　　کہ در ہر سینہ قاشے از دلِ اوست[۱۵]

(ص ۳۴)

۶

غمِ پنہاں کہ بے گفتن عیان است　　چو آید بر زباں یک داستان است
رہے پُر پیچ و راہی خستہ و زار　　چراغش مُردہ و شب درمیان است[۱۶]

(ص ۳۴)

○

بہ راغاں لالہ رُست از نو بہاراں　　بصحرا خیمہ گستردند یاراں
مرا تنہا نشستن خوشتر آید　　کنارِ آبجوئے کوہساراں[۱۷]

(ص ۳۵)

۷

گہے شعرِ عراقی را بخوانم　　گہے جامی زند آتش بجانم
ندانم گرچہ آہنگِ عرب را　　شریکِ نغمہ ہائے ساربانم[۱۸]

(ص ۳۵)

○

غمِ راہی نشاط آمیز تر کن　　فغانش را جنوں انگیز تر کن
بگیر اے ساربان راہِ درازے　　مرا سوزِ جدائی تیز تر کن[۱۹]

(ص ۳۶)

۸

بیا اے ہم نفس باہم بنالیم　　من و تو کشتۂ شانِ جمالیم
دو حرفے بر مرادِ دل بگوئیم　　بپائے خواجہ چشماں را بمالیم[۲۰]

(ص ۳۶)

○

حکیماں را بہا کمتر نہادند　　بناداں جلوۂ مستانہ دادند
چہ خوش بختے، چہ خرم روزگارے　　درِ سلطاں بہ درویشے کشادند[۲۱]

(ص ۳۷)

○

جہانِ چار سُو اندر برِ من — ہوائے لامکاں اندر سرِ من
چو بگذشتم ازیں بامِ بلندے — چہ گرد افتاد پرواز از پرِ من ۴۲
(ص ۳۷)

○

دریں وادی زمانی جاودانی — ز خاکش بے صور روید معانی!
حکیماں با کلیماں دوش بر دوش — کہ ایں جا کس نگوید لن ترانی! ۴۳
(ص ۳۸)

۹

مسلماں آں فقیرِ کج کلاہے — رمید از سینۂ او سوزِ آہے
دلش نالد! چرا نالد؟ نداند — نگاہے یا رسولؐ اللہ نگاہے! ۴۴
(ص ۳۸)

○

تب و تابِ دل از سوزِ غمِ تست — نوائے من ز تاثیرِ دمِ تست
بنالم زانکہ اندر کشورِ ہند — ندیدم بندۂ کو محرمِ تست ۴۵
(ص ۳۹)

○

شبِ ہندی غلاماں را سحر نیست — بایں خاک آفتابے را گذر نیست!
بما کن گوشۂ چشمے کہ در شرق — مسلمانے ز ما بیچارہ تر نیست! ۴۶
(ص ۳۹)

○

چہ گویم زاں فقیرے دردمندے — مسلمانے بہ گوہر ارجمندے
خدا ایں سخت جاں را یار بادا — کہ افتاد است از بامِ بلندے! ۴۷
(ص ۴۰)

○

چساں احوالِ او را بر لب آرم — تو می بینی نہان و آشکارم
ز رُوداد دو صد سالش ہمیں بس — کہ دل چوں کندۂ قصاب دارم! ۴۸
(ص ۴۰)

○

ہنوز ایں چرخِ نیلی کج خرام است — ہنوز ایں کارواں دور از مقام است
ز کارِ بے نظامِ او چہ گویم — تو می دانی کہ ملت بے امام است ۴۹
(ص ۴۱)

○

نماند آں تاب و تب در خونِ نابش — نروید لالہ از کشتِ خرابش
نیامِ او تہی چوں کیسۂ او — بطاقِ خانۂ ویراں کتابش! ۳۰ع

(ص ۴۱)

○

دلِ خود را اسیرِ رنگ و بو کرد — تہی از ذوق و شوق و آرزو کرد
صفیرِ شاہبازاں کم شناسد — کہ گوشش با طنینِ پشہ خو کرد ۳۱ع

(ص ۴۲)

○

بروئے او درِ دل ناکشادہ — خودی اندر کفِ خاکش نزادہ
ضمیرِ او تہی از بانگِ تکبیر — حریمِ ذکرِ او از پا فتادہ ۳۲ع

(ص ۴۲)

○

گریباں چاک و بے فکرِ رفو زیست — نمیدانم چساں بے آرزو زیست
نصیبِ اوست مرگِ ناتمامے — مسلمانے کہ بے اللہ ھو زیست! ۳۳ع

(ص ۴۳)

○

حقِ آں دہ کہ مسکین و اسیر است — فقیر و غیرتِ او دیر میر است
بروئے او درِ میخانہ بستند — دریں کشور مسلماں تشنہ میر است ۳۴ع

(ص ۴۳)

○

دگر پاکیزہ کن آب و گلِ او — جہانے آفریں اندر دلِ او
ہوا تیز و بدامانش دو صد چاک — بیندیش از چراغِ بسملِ او ۳۵ع

(ص ۴۴)

○

عروسِ زندگی در خلوتش غیر — کہ دارد در مقامِ نیستی سیر
گنہگاریست پیش از مرگ در قبر — نکیرش از کلیسا، منکر از دیر! ۳۶ع

(ص ۴۴)

○

بچشمِ او نہ نور و نے سرور است — نہ دل در سینۂ او ناصبور است
خدا آں امتے را یار بادا — کہ مرگِ او ز جانِ بے حضور است! ۳۷ع

(ص ۴۵)

○

مسلماں زادہ و نامحرمِ مرگ! ز بیمِ مرگ لرزاں تا دمِ مرگ!
دلے در سینۂ چاکش ندیدیم دمِ بگسستۂ بود و غمِ مرگ! ۳۸
(ص ۳۵)

○

ملوکیت سراپا شیشہ بازی است ازو ایمن نہ رومی نے حجازی است
حضورِ تو غمِ یاراں بگویم بامیدے کہ وقتِ دل نوازی است! ۳۹
(ص ۳۶)

○

تنِ مردِ مسلماں پایدار است بنائے پیکرِ او استوار است
طبیبِ نکتہ رس دید از نگاہش خودی اندر وجودش رعشہ دار است! ۴۰
(ص ۳۶)

○

مسلماں شرمسار از بے کلاہی است کہ دینش مُرد و فقرش خانقاہی است
تو دانی در جہاں میراثِ ما چیست گلیمے از قماشِ پادشاہی است! ۴۱
(ص ۳۷)

○

مپرس از من کہ احوالش چسان است زمینش بدگہر چوں آسمان است
بر آں مُرغے کہ پروردی بانجیر تلاشِ دانہ در صحرا گران است ۴۲
(ص ۳۷)

○

بچشمش وا نمودم زندگی را کشودم نکتۂ فردا و دی را
تواں اسرارِ جاں را فاش تر گفت بدہ نطقِ عرب ایں اعجمی را! ۴۳
